https://dailybalochistanobserverquetta.com.pk/

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت | ABC Certified | کوئٹہ سے شائع ہونیوالا بلوچستان کا کثیرالاشاعت روزنامہ

روزنامہ بلوچستان آبزرور کوئٹہ
Daily BALOCHISTAN OBSERVER Quetta

چیف ایڈیٹر نثار احمد

جلد 19 | جمعرات 8 اکتوبر 2026ء | 23 ربیع الثانی 1448ھ | قیمت 5 روپے | شمارہ 174

dailybalochistanobserver@gmail.com

دہشتگرد عناصر کیخلاف کارروائیوں کو منطقی انجام تک پہنچایا جائیگا، سرفراز بگٹی

کارروائی کے دوران ہلاک دہشت گردوں کے قبضے سے بھاری مقدار میں اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد کیا گیا ہے، جبکہ علاقے میں ممکنہ دہشت گردوں کے خاتمے کیلئے کلیئرنس اور سرچ آپریشن جاری ہے

بلوچستان سے دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک سیکیورٹی فورسز کی کارروائیاں جاری رہیں گی اور امن کے دشمن عناصر کو قانون کے شکنجے میں لانے کیلئے تمام ضروری اقدامات کیے جائیں گے، وزیراعلیٰ بلوچستان

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے مستونگ کے علاقوں سیاہ پشت اور کلی گشتری میں سیکیورٹی فورسز کی کارروائی کے دوران فتنہ الہندوستان سے تعلق رکھنے والے 5 دہشت گردوں کو ہلاک کیے جانے پر سیکیورٹی فورسز کو سراہا ہے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا ہے کہ آپریشن ردالفتنہ 3 کے تحت دہشت گرد عناصر کے خلاف کارروائیاں مؤثر انداز میں جاری ہیں۔ مستونگ میں سیکیورٹی فورسز کی کارروائی کے دوران 5 دہشت گردوں کا ہلاک ہونا دہشت گردی کے خلاف جاری کارروائیوں میں اہم پیش رفت ہے۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ کارروائی کے دوران ہلاک دہشت گردوں کے قبضے سے بھاری مقدار میں اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد کیا گیا ہے، جبکہ علاقے میں ممکنہ دہشت گردوں کے خاتمے (بقیہ 2 صفحہ 3 پر)

آفات سے نمٹنے کی استعداد کو قومی ترقی کا لازمی جزو اور اجتماعی ذمہ داری سمجھنا ہوگا، صدر زرداری

مشکلات کے وقت ایک دوسرے کی حفاظت اور مل جل کر بحالی کی صلاحیت ہماری سب سے بڑی طاقتوں میں سے ایک ہے

عوام کی قوت کو سائنس، ٹیکنالوجی اور مؤثر منصوبہ بندی کے ساتھ یکجا کرکے بہتر طور تیار پاکستان تعمیر کرسکتے ہیں، آصف علی زرداری کا یوم قومی استقامت کے موقع پر پیغام

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے کہا ہے کہ پاکستان کو موسمیاتی تبدیلی، شہری آبادی میں اضافے اور ماحولیاتی تنزلی کے باعث بڑھتے ہوئے پیچیدہ خطرات کا سامنا ہے، اس لئے آفات سے نمٹنے کی استعداد کو قومی ترقی کا لازمی جزو اور آئندہ نسلوں کے حوالے سے اپنی اجتماعی ذمہ داری سمجھنا ہوگا، عوام کی قوت کو سائنس، ٹیکنالوجی اور مؤثر منصوبہ بندی کے ساتھ یکجا کرکے ہم ایسا پاکستان تعمیر (بقیہ 1 صفحہ 3 پر)

رانا تنویر حسین سے روس کی زرعی کمپنی شیلکو وا ایگروکم کے وفد کی ملاقات

زرعی تحقیق، بیج، زرعی ادویات اور جدید ٹیکنالوجی میں تعاون بڑھانے پر گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے قومی غذائی تحفظ و تحقیق رانا تنویر حسین سے روس کی زرعی کمپنی شیلکو وا ایگروکم کے وفد نے ملاقات کی اور پاکستان اور روس (بقیہ 4 صفحہ 3 پر)

اسحاق ڈار سے کمانڈر نیشنل سٹریٹجک کمانڈ کی ملاقات

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار سے کمانڈر نیشنل سٹریٹجک کمانڈ جنرل سید عامر رضا (بقیہ 6 صفحہ 3 پر)

پاکستان نے فروغ امن کیلئے ثالث کا کردار ادا کیا، انتونیو گوتریس

مشکلات کے دوران ایک دوسرے کو بچا کر ہی خود کو بچایا جاسکتا ہے، ناانصافی اور موسمیاتی تبدیلی سے انسانی مسائل میں اضافہ ہوا ہے

اسلام آباد (این این آئی) اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریس نے کہا ہے کہ پاکستان نے لاکھوں مہاجرین کیلئے اپنے دروازے کھولے، امن کے فروغ کیلئے ثالث کا کردار ادا کیا ہے۔ فارن سروسز اکیڈمی میں تقریب سے خطاب کے دوران عالمی ادارے کے (بقیہ 5 صفحہ 3 پر)

فیلڈ مارشل اور انتونیو گوتریس کی ملاقات، کشمیر، سندھ طاس معاہدہ، افغان دہشت گردی پر تبادلہ خیال

راولپنڈی (این این آئی) اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریس کی آرمی چیف فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے ملاقات (بقیہ 7 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف وزارت خزانہ کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

فیلڈ مارشل عاصم منیر سے بیلاروس کے وفد کی ملاقات

علاقائی، عالمی سلامتی کی صورتحال، باہمی دلچسپی کے امور اور دوطرفہ دفاعی تعاون کے موجودہ دائرہ کار پر تبادلہ خیال

راولپنڈی (این این آئی) فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے بیلاروس کے اعلیٰ سطح وفد نے ملاقات کی جس میں علاقائی اور عالمی سلامتی کی صورتحال، باہمی دلچسپی کے امور اور دوطرفہ دفاعی تعاون کے موجودہ دائرہ کار پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ مسلح افواج کے شعبہ تعلقات عامہ آئی ایس پی آر کے مطابق بیلاروس کے وفد کی قیادت ریاستی سلامتی کونسل کے سیکریٹری لیفٹیننٹ جنرل (بقیہ 8 صفحہ 3 پر)

ڈیجیٹل یوتھ ہب نوجوانوں اور مواقع کے درمیان رابطے کا مؤثر ذریعہ ہے، رانا مشہود احمد

نوجوان ہمارا مستقبل ہیں، جب چاہیں مجھے مل سکتے ہیں، میں مسائل کو حل کروں گا، چیئرمین وزیراعظم یوتھ پروگرام

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین وزیراعظم یوتھ پروگرام رانا مشہود احمد خاں نے کہا ہے کہ وزیراعظم کی اقوام متحدہ جنرل اسمبلی سے تقریر کا دنیا بھر میں تذکرہ ہو رہا ہے، پاکستان کے لئے مواقع کی نئی کھڑکی کھلی ہے، مواقع کی یہ نئی کھڑکی پاکستان کے نوجوانوں کے لئے کھلی ہے۔ بدھ کو قائداعظم یونیورسٹی میں منعقدہ چینج میکرز کانفرنس اینڈ ایوارڈز سے خطاب کرتے ہوئے رانا مشہود احمد خاں نے کہا کہ نوجوان پاکستان میں تبدیلی کے اصل محرک ہیں، پاکستان کے عالمی (بقیہ 9 صفحہ 3 پر)

کاروباری اداروں کو قرضوں کی فراہمی میں سہولت کیلئے ایس ایم ای پورٹل نومبر کے اختتام تک فعال کیا جائے، شہباز شریف

وزیراعظم اپنا گھر اسکیم کے تحت اب تک 426 ارب روپے مالیت کے 71 ہزار 690 قرضوں کی منظوری دی جا چکی ہے، اب تک 13,214 افراد کو 76 ارب روپے کے قرضے جاری کیے جا چکے ہیں

وزیراعظم کی ہاؤسنگ، زراعت اور ایس ایم ای شعبوں کو مالی وسائل کی فراہمی میں حائل رکاوٹیں دور کرکے قرضوں کے نظام کو مزید مؤثر بنانے کی ہدایت

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے ہاؤسنگ، زراعت اور ایس ایم ای شعبوں کو مالی وسائل کی فراہمی میں حائل رکاوٹیں دور کرکے قرضوں کے نظام کو مزید مؤثر بنانے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ چھوٹے و درمیانے درجے کے کاروباری اداروں کو قرضوں کی فراہمی میں سہولت کیلئے ایس ایم ای پورٹل نومبر کے اختتام تک فعال کیا جائے، نیشنل بینک آف پاکستان کی ہاؤسنگ فنانس کے شعبے میں قرضوں کی منظوری کی شرح 76 فیصد ہونا قابل تحسین ہے، نیشنل بینک کی کارکردگی بڑھانے کیلئے بہترین پروفیشنلز کی خدمات لی جائیں، مطلوبہ نتائج نہ دینے والے عملے کے خلاف سے بلاخوف محکمانہ کارروائی کی جائے۔ بدھ کو وزیراعظم شہباز شریف کی زیرصدارت ہاؤسنگ، چھوٹے و درمیانے درجے کے کاروبار اور زرعی شعبے کو قرضوں کی فراہمی کے حوالے سے اعلیٰ سطح جائزہ اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں وفاقی وزرا رانا تنویر حسین، احد خان (بقیہ 3 صفحہ 3 پر)

پاکستان اور آئی ایم ایف کے درمیان اسٹاف لیول معاہدہ جلد متوقع

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان اور انٹرنیشنل مانیٹری فنڈز (آئی ایم ایف) کے درمیان اسٹاف لیول معاہدہ جلد طے پانے کا امکان ہے جس کے بعد معاہدے کی منظوری آئی ایم ایف کے ایگزیکٹو بورڈ سے لی جائے گی۔ ذرائع کے مطابق پاکستان اور آئی ایم ایف کے (بقیہ 11 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف پاکستان ریلوے ریفارمز کی اپ گریڈیشن کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

پاکستان اور جرمنی کا تجارت، سرمایہ کاری اور کاروباری روابط بڑھانے پر اتفاق

پاکستان میں زراعت، فوڈ پروسیسنگ، ٹیکنالوجی اور مینوفیکچرنگ کے شعبوں میں سرمایہ کاری کے وسیع مواقع ہیں

پاکستان جی ایس پی پلس سے متعلق عالمی ذمہ داریوں کی تکمیل کیلئے پرعزم ہے، جام کمال کی جرمن کمپنیوں کو سرمایہ کاری کی دعوت

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان سے جرمن سفیر اینا لیپل نے ملاقات کی جس میں پاکستان اور جرمنی کے درمیان تجارت، سرمایہ کاری اور کاروباری روابط بڑھانے پر اتفاق کیا گیا۔ جام کمال خان نے جرمن کمپنیوں کو پاکستان میں سرمایہ کاری کی دعوت دی۔ جرمن سفیر نے جی ایس پی پلس سے متعلق پاکستان کی اصلاحاتی پیش رفت کو سراہا۔ وفاقی وزیر تجارت نے کہا کہ پاکستان (بقیہ 10 صفحہ 3 پر)

اسحاق ڈار سے بیلاروس کے قومی سلامتی کے مشیر کی ملاقات

چیلنجز سے نمٹنے، علاقائی امن اور استحکام کے فروغ کیلئے مذاکرات اور سفارت کاری کی اہمیت پر زور

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے چیلنجز سے نمٹنے، علاقائی امن اور استحکام کے فروغ کیلئے مذاکرات اور سفارت کاری کی اہمیت پر (بقیہ 12 صفحہ 3 پر)

ڈی جی آئی ایس پی آر نے سعودی عرب میں پاکستانی دستوں کی موجودگی کی تصدیق کردی

معاہدے کے تحت سعودی عرب میں موجود پاکستانی دستے مختلف ڈومینز سے تعلق رکھتے ہیں، لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری

راولپنڈی (این این آئی) ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے سعودی عرب میں پاکستانی فوجی دستوں کی موجودگی کی تصدیق کردی۔ سی این این کو انٹرویو میں ڈی جی آئی ایس پی آر نے بتایا کہ پاکستان اور سعودی عرب کے دفاعی تعلقات کئی دہائیوں سے ہیں اور پاکستان کے دستے کئی دہائیوں سے سعودی عرب میں تعینات ہیں۔ لیفٹیننٹ (بقیہ 16 صفحہ 3 پر)

قومی اسمبلی سیکرٹریٹ میں کروڑوں روپے کے مبینہ کرپشن سکینڈل کا انکشاف

اسلام آباد (این این آئی) قومی اسمبلی سیکرٹریٹ میں کروڑوں روپے کے مبینہ کرپشن اسکینڈل کا انکشاف ہوا ہے۔ سارجنٹ ایٹ آرمز اشفاق اشرف کے خلاف (بقیہ 17 صفحہ 3 پر)

حکومت کا ایس ایم ایز، زراعت اور ہاؤسنگ فنانسنگ میں اہم پیشرفت کا اعلان

قرض بڑھانے کے اہداف مقرر، عوامی معاونت کا مقصد حقیقی مارکیٹ خلا کو پر کرنا اور نجی شعبے کی پائیدار شمولیت یقینی بنانا ہے

فنانس تک رسائی کا مقصد صرف قرضوں کی دستیابی بڑھانا نہیں، وسیع اور مستحکم مالیاتی نظام تشکیل دینا ہے، وفاقی وزیر خزانہ

اسلام آباد (این این آئی) حکومت نے حکومت کا ایس ایم ایز، زراعت اور ہاؤسنگ فنانسنگ میں اہم پیش رفت کا اعلان کردیا جبکہ قرض بڑھانے کے اہداف بھی مقرر کردیئے گئے۔ بدھ کو وزیر خزانہ محمد اورنگزیب کی زیرصدارت رسائی مالیات سے متعلق اسٹیئرنگ کمیٹی کا اجلاس ہوا جس میں مختلف شعبوں میں مالیات تک رسائی بڑھانے کے اقدامات کا جائزہ لیا گیا۔ وزارت خزانہ کی جانب سے جاری اعلامیہ کے مطابق (بقیہ 13 صفحہ 3 پر)

مصنوعی ذہانت (AI) پر مبنی جدید ڈیجیٹل بھرتی و اسیسمنٹ سسٹم ProMetriX متعارف

شارٹ لسٹ ہونے والے امیدواروں کی شناخت اور اسناد کی تصدیق نادرا کے ذریعے کی جاتی ہے

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن، ڈیجیٹل گورننس کے فروغ اور صوبے میں میرٹ پر مبنی نظام کے قیام کے تحت صوبائی حکومت نے سرکاری بھرتیوں کے عمل کو شفاف، میرٹ پر مبنی اور انسانی مداخلت سے حتی الامکان پاک بنانے کی جانب ایک اہم پیش رفت کی ہے، جہاں پیپلز پرائمری ہیلتھ کیئر انیشی ایٹو (PPHI) بلوچستان نے مصنوعی ذہانت (بقیہ 14 صفحہ 3 پر)

بلاول بھٹو زرداری کو جوڈیشل کمیشن کیلئے نامزد کردیا گیا، جلد نوٹیفکیشن متوقع، ذرائع

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری کو جوڈیشل کمیشن کیلئے نامزد کردیا گیا۔ ذرائع پیپلز پارٹی کے مطابق فاروق ایچ نائیک نے جوڈیشل (بقیہ 18 صفحہ 3 پر)

سپیکر قومی اسمبلی کی مولانا فضل الرحمٰن سے ملاقات، مذاکرات کی تفصیلات سے آگاہ کیا

مذاکرات کامیاب ہوگئے تھے، ڈیڈلاک پی ٹی آئی اور ان کے اتحادیوں کے درمیان ہوا، ایاز صادق

اسلام آباد (این این آئی) اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق کا کہنا ہے کہ حکومت اور اپوزیشن کے درمیان مذاکرات کامیاب ہوگئے تھے، ڈیڈلاک پی ٹی آئی اور ان کے اتحادیوں کے درمیان ہوا جو بدقسمتی ہے۔ اسپیکر قومی اسمبلی ایاز صادق مولانا فضل الرحمان کی رہائش (بقیہ 19 صفحہ 3 پر)

ایرانی فوج کا طویل جنگ کیلئے مکمل تیاری اور پیشگی کارروائیوں کا اعلان

تہران (این این آئی) ایرانی فوج کے ترجمان بریگیڈیئر جنرل محمد اکرمی (بقیہ 15 صفحہ 3 پر)

کراچی، گوادر چیئرمین گوادر پورٹ نورالحق بلوچ چیئرمین کے پی ٹی ریئر ایڈمرل شاہد احمد سے ملاقات کررہے ہیں

معروف بلوچ قوم پرست رہنماء ڈاکٹر حکیم لہڑی طویل علالت کے بعد کراچی میں انتقال کرگئے

کئی دہائیوں تک بلوچ قومی حقوق، سیاسی خودمختاری اور بلوچستان کے سیاسی مسائل کے حوالے سے اپنا موقف پیش کرتے رہے

کوئٹہ (پ ر) معروف بلوچ قوم پرست رہنماء ڈاکٹر حکیم لہڑی طویل علالت کے بعد کراچی میں انتقال کر گئے ڈاکٹر حکیم لہڑی بلوچستان کی قوم پرست سیاست میں ایک نمایاں نام تھے اور کئی دہائیوں تک بلوچ قومی حقوق، سیاسی خودمختاری اور بلوچستان کے سیاسی مسائل کے حوالے سے اپنا موقف پیش کرتے رہے۔

نوجوانوں کو سیاسی و سماجی معاملات پر مثبت اور تعمیری مکالمے کے مواقع فراہم کیے جاتے ہیں، جعفر مندوخیل

نوجوانوں کو سیاسی و سماجی معاملات پر مثبت اور تعمیری مکالمے کے مواقع فراہم کیے جاتے ہیں

بلوچستان بھر میں اس پلیٹ فارم کو مزید فعال اور متحرک بنایا جائے اور اس کے دائرہ کار کو صوبے کے مختلف اضلاع تک وسعت دی جائے، گورنر بلوچستان

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے یوتھ لیڈرز پارلیمنٹ کے وفد نے عصمت اللہ کی قیادت میں ملاقات کی۔ ملاقات میں نوجوانوں کو پارلیمانی امور، جمہوری عمل اور پالیسی سازی سے روشناس کرانے سمیت صوبے میں نوجوانوں کیلئے موثر پلیٹ فارم کے قیام اور اسے مزید فعال بنانے پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وفد نے گورنر بلوچستان کو یوتھ لیڈرز پارلیمنٹ کے تنظیمی ڈھانچے اور اغراض و مقاصد سے آگاہ (بقیہ 20 صفحہ 3 پر)

تنسیخ نکاح کی درخواست کو خاتون کی رضامندی کے بغیر خلع میں تبدیل کرنا غیر قانونی ہے، سپریم کورٹ

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ آف پاکستان نے تنسیخ نکاح کی درخواست کو خاتون کی رضامندی کے بغیر خلع میں تبدیل کرنا غیر قانونی قرار دیدیا۔ سپریم (بقیہ 22 صفحہ 3 پر)

گوادر میں موبائل کی دکان میں دھماکے سے 3 افراد زخمی

دھماکے کے بعد پولیس اور سیکورٹی فورسز نے جائے وقوعہ کو سیل کر کے تحقیقات شروع کردیں

کوئٹہ (این این آئی) گوادر میں موبائل کی دکان میں دھماکے سے 3 افراد زخمی ہوگئے۔ پولیس کے مطابق بدھ کو گوادر میں واقع ایک موبائل کی دکان میں دھماکے کے (بقیہ 23 صفحہ 3 پر)

12 بلین کی لاگت سے شپ بریکنگ انڈسٹری کی ماڈرنائزیشن پراجیکٹ کا اجراء کیا، چوہدری سالک

حکومتِ پاکستان، وزارتِ میری ٹائم افیئرز، اور تمام ریگولیٹری ادارے بلیو اکنامی سیکٹر کیلئے ہمیشہ ایک پیج پر رہیں گے

ہانگ کانگ کنونشن کے تحت شپ ری سائیکلنگ اور گرین یارڈ کی جانب ہم بڑھ رہے ہیں، وفاقی وزیر

گڈانی (خ ن) آئی ایل او کے ڈی جی Gilbert F.Hiungbo اور وفاقی وزیر چوہدری سالک حسین نے گڈانی کا ایک روزہ دورہ کیا دورے میں وفاقی سیکرٹری چوہدری ندیم اسلم انکے ہمراہ تھے گڈانی آمد پر اسکول کی بچیوں نے پھولوں کے گلدستے پیش کئے صوبائی وزیر ظہور بلیدی و دیگر نے مہمانوں کا والہانہ استقبال کیا آئی ایل او ڈائریکٹر جنرل کے دورہ گڈانی کے موقع ہر بی ڈی اے کمپلیکس گڈانی میں شپ ری سائیکلنگ پروجیکٹ سے متعلق تقریب منعقد ہو۔ تقریب سے وفاقی وزیر اوورسیز پاکستانیز اینڈ ہیومین ڈیولپمنٹ چوہدری سالک حسین نے (بقیہ 33 صفحہ 3 پر)

حکومت ٹیکسٹائل برآمدات سے خاطر خواہ زرمبادلہ کما کر ملکی معیشت کو استحکام بخش سکتی ہے، عبدالقادر

توانائی کی مسابقتی قیمتیں، آسان فنانسنگ، بروقت ریفنڈز، جدید ٹیکنالوجی اور مستقل برآمدی پالیسی فراہم کرے

کوئٹہ (این این آئی) چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے فائبر پیداوار سینیٹر محمد (بقیہ 21 صفحہ 3 پر)

نصیرآباد، قومی شاہراہ پر حادثے میں زخمیوں کو طبی امداد فراہم کی جارہی ہے

بیٹے کی پیدائش کے وقت آپریشن تھیٹر اسرائیلی بمباری سے لرز رہا تھا، فلسطینی ماں کی دکھ بھری کہانی

رام اللہ (این این آئی) ایک فلسطینی خاتون نے اپنے بیٹے کی پیدائش کے وقت خوفناک صورتحال سے متعلق بتایا ہے (بقیہ 32 صفحہ 3 پر)

پی ٹی آئی حکومت کی دہشتگردوں سے ملی بھگت کے شواہد موجود ہیں، خواجہ آصف

اہم فیصلے کرنے کا وقت آچکا، خیبرپختونخوا کو مزید نااہل، بے حس حکمران اور طالبان کے اتحادیوں کے رحم وکرم پر نہیں چھوڑا جاسکتا

خیبرپختونخوا حکومت کی صوبے میں دہشت گردی سے مکمل لاتعلقی اور مجرمانہ بے حسی جاری ہے، بس بہت ہوگیا، وزیر دفاع

اسلام آباد (این این آئی) وزیر دفاع خواجہ آصف نے دعویٰ کیا ہے کہ خیبرپختونخوا میں پاکستان تحریک انصاف حکومت کی دہشت گردوں سے مکمل ملی بھگت اور اس کے سہولت کار ایکوسسٹم کی کافی مثالیں اور شواہد موجود ہیں، صوبائی حکومت کی دہشت گردی سے مکمل لاتعلقی اور مجرمانہ بے حسی جاری ہے۔ سوشل میڈیا سائٹ ایکس پر جاری بیان میں خواجہ آصف نے کہا کہ پی ٹی آئی کی صوبائی حکومت کی صوبے میں (بقیہ 24 صفحہ 3 پر)

ایران جنگ، امریکا کے 81 فوجی طیارے اور ڈرون تباہ، مالی نقصان 3.3 ارب ڈالر تک پہنچ گیا

تہران (این این آئی) ایران کے خلاف جاری جنگ کے دوران امریکا کے 81 فوجی طیارے اور ڈرونز یا تو تباہ ہوگئے (بقیہ 31 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف سے کشمیر افیئرز و گلگت بلتستان انجینئر امیر مقام ملاقات کررہے ہیں

بلوچستان کے عوام باحیثیت، محنتی اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں سے مالا مال ہیں، سیدال ناصر

بلوچستان ملک کا ایک اہم مگر نسبتاً پسماندہ صوبہ ہے، اس لیے صوبے کی پائیدار ترقی، خوشحالی اور عوامی فلاح موجودہ حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے

بلوچستان میں امن و امان کی بہتری کیلئے موجودہ حکومت عسکری قیادت کے تعاون سے مؤثر اقدامات کررہی ہے، قائم مقام چیئرمین سینیٹ

کوئٹہ (این این آئی) قائم مقام چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر نے وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی سے ملاقات کی۔ ملاقات میں ملک کی مجموعی سیاسی و معاشی صورتحال، بالخصوص بلوچستان میں امن و امان، سکیورٹی، معاشی ترقی، عوامی ریلیف، صوبے کی ترقیاتی ضروریات اور عوامی فلاح و بہبود سے متعلق امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران بلوچستان میں ترقی اور خوشحالی کیلئے صوبائی حکومت کی جانب (بقیہ 27 صفحہ 3 پر)

مستونگ میں سیکیورٹی فورسز کا دہشت گردوں کے خلاف کامیاب آپریشن قابلِ تحسین ہے، بابر یوسفزئی

بلوچستان میں امن وامان کے قیام کیلئے سیکیورٹی فورسز کی مسلسل کارروائیاں قابلِ قدر ہیں۔ معاون برائے داخلہ

کوئٹہ (این این آئی) معاون برائے داخلہ بابر یوسفزئی نے مستونگ کے علاقوں سیاہ پشت اور کلی گشتری میں فتنہ الہندوستان سے وابستہ 5 دہشت گردوں کو ہلاک (بقیہ 25 صفحہ 3 پر)

پاکستان خطے کے 48 فیصد غریبوں کا گھر ہے، ورلڈ بینک

پاکستان میں غریب یومیہ 3 ڈالر سے بھی کم کماتے ہیں، طویل اقتصادی اصلاحات سے حقیقی گھریلو آمدنی کم ہوئی، رپورٹ

نیویارک (این این آئی) ورلڈ بینک نے اپنی غربت سے متعلقہ رپورٹ (بقیہ 26 صفحہ 3 پر)

پاکستان کو اس وقت انتہائی مشکل صورتحال کا سامنا ہے، محمود اچکزئی

بانی پی ٹی آئی عمران خان سے ملاقات کے بغیر حکومت اور اپوزیشن کے درمیان مذاکرات نہ بامعنی ہوسکتے ہیں اور نہ ہی موجودہ بحران کے حل میں مددگار ثابت ہوں گے

عمران خان کی حکومت کے خلاف عدم اعتماد کی تحریک لائی گئی، بعد ازاں انہیں گرفتار کرکے جیل میں ڈال دیا گیا

ژوب (این این آئی) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے چیئرمین، قومی اسمبلی میں قائدِ حزبِ اختلاف اور تحریکِ تحفظِ آئینِ پاکستان کے سربراہ محمود خان اچکزئی نے کہا ہے کہ پاکستان کو اس وقت انتہائی مشکل صورتحال کا سامنا ہے، ایسے حالات میں بانی پی ٹی آئی عمران خان سے ملاقات کے بغیر حکومت اور اپوزیشن کے درمیان مذاکرات نہ بامعنی ہوسکتے ہیں اور نہ ہی موجودہ بحران کے حل میں مددگار ثابت ہوں گے۔ ان خیالات (بقیہ 29 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد ہمارا ہے لانگ مارچ یہاں کیوں نہیں پہنچے گا؟ بیرسٹر گوہر

لانگ مارچ کو کمزور سمجھنا مناسب ہے، وزیراعظم نے مشروط مذاکرات کی پیشکش کی ڈائیلاگ بغیر کسی شرط کے ہونے چاہئیں

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر نے کہا ہے کہ وزیراعظم نے مذاکرات کی مشروط پیشکش کی ہے، مذاکرات ضرور ہونے چاہئیں مگر کسی شرط کے بغیر ہونے چاہئیں، اسلام آباد بھی ہمارا ہے یہاں لانگ مارچ کیوں نہیں پہنچے گا؟۔ میڈیا سے بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ مذاکرات پر بیٹھنا آسان نہیں تھا، ہم بڑی مشکل سے بیٹھے تھے، اٹھنا نہیں چاہئے تھا جس نے بھی کہا چلیں ختم کریں، ایسا نہیں ہونا چاہیے تھا، ہم اپنی طرف سے بیٹھے رہے (بقیہ 28 صفحہ 3 پر)

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے عصمت کی قیادت میں ینگ لیڈر پارلیمنٹرین کا وفد ملاقات کررہا ہے

زراعت ملکی معیشت اور غذائی تحفظ کی بنیاد ہے، رانا تنویر حسین

ربیع سیزن 2026-27 کی فصلوں کے اہداف گندم کی مجوزہ قیمت کے اعلان کے بعد حتمی کیے جائیں گے، وفاقی وزیر

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے قومی غذائی تحفظ و تحقیق رانا تنویر حسین نے کہا ہے کہ زراعت ملکی معیشت اور غذائی تحفظ کی بنیاد ہے، زرعی پیداوار میں اضافہ، پیداواری لاگت میں کمی، پانی اور زرعی مداخل کے مؤثر استعمال، معیاری اور موسمیاتی تبدیلیوں سے ہم آہنگ بیجوں کا فروغ، جدید ٹیکنالوجی اور منڈیوں سے روابط کو مضبوط بنانا حکومت کی اولین ترجیحات ہیں، ربیع سیزن 2026-27 کی فصلوں کے اہداف گندم کی مجوزہ قیمت کے اعلان (بقیہ 30 صفحہ 3 پر)

روزنامہ بلوچستان آبزرور کوئٹہ
Daily BALOCHISTAN Observer Quetta

پبلشر نثار احمد نے الکریم پرنٹنگ پریس سریاب پھاٹک بلمقابل سیلانی ویلفیئر سریاب روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ بلوچستان آبزرور فلیٹ #2 یونیورسل کمپلیکس سیکنڈ فلور فیز ii جناح روڈ کوئٹہ سے شائع کیا

کوئٹہ فون نمبر 03312634009۔ اسلام آباد بیورو چیف 03335190142

اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریس کا دورہ پاکستان

نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار سے اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریس نے ملاقات کی جس میں فلسطین، جموں و کشمیر، افغانستان سمیت علاقائی اور عالمی امن و سلامتی سے متعلق امور، انسداد دہشت گردی اور کثیر جہتی نظام کے مستقبل سے متعلق تبادلہ خیال کیا گیا جبکہ اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریس نے امریکہ اور ایران کے درمیان تنازعے کے دوران بات چیت کے لیے ثالث کے طور پر بھرپور کردار ادا کرنے پر پاکستان کی قیادت کو سراہتے ہوئے زور دیا ہے کہ تمام فریق تنازعات ختم کریں، سفارت کاری کی طرف واپس آئیں اور عالمی قانون کے مطابق بحری آمدورفت کے حقوق اور آزادیوں کو مکمل بحال کریں۔ وزارت خارجہ میں ہونے والی ملاقات میں نائب وزیراعظ و وزیر خارجہ نے اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل کو جموں و کشمیر اور سندھ طاس معاہدے کے حوالے سے پاکستان کے موقف سے آگاہ کیا اور سلامتی کونسل کی متعلقہ قراردادوں کے مطابق تنازعہ جموں و کشمیر کے منصفانہ اور پرامن حل کے لیے پاکستان کے مطالبے کا اعادہ کیا۔ نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ نے مذاکرات اور کشیدگی میں کمی کے لیے پاکستان کی سفارتی کوششوں کو اجاگر کیا، جن میں امریکا اور ایران کے درمیان اسلام آباد مذاکرات میں پاکستان کی سہولت کاری بھی شامل ہے۔ انہوں نے تنازعات کے حل کیلئے مذاکرات اور سفارت کاری کو موثر ترین ذریعہ قرار دیتے ہوئے اس حوالے سے پاکستان کے عزم کا اعادہ کیا۔ اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل نے عالمی ادارے کیلئے پاکستان کی دیرینہ خدمات کے ساتھ ساتھ مذاکرات، ثالثی اور کشیدگی میں کمی کے فروغ کے لیے پاکستان کی سفارتی کوششوں کو سراہا۔ اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریس کے دورہ پاکستان کا خیر مقدم کرتے ہیں، ان کا دورہ پاکستان اور اقوام متحدہ کے درمیان دیرینہ اور قریبی تعاون کا مظہر ہے، اس سے کثیر جہتی نظام کیلئے ہمارے مشترکہ عزم اور عالمی چیلنجوں سے نمٹنے کیلئے باہمی تعاون کی بھی عکاسی ہوتی ہے، پاکستان کی اقوام متحدہ کے ساتھ کام کرنے کی ایک طویل تاریخ ہے اور پاکستان کثیر جہتی نظام کا مضبوط حامی ہے۔ ہم اقوام متحدہ کے چارٹر کو برقرار رکھنے، اس پر عملدرآمد، عالمی امن و سلامتی اور امن کے قیام کیلئے تعاون اور عالمی چیلنجوں سے نمٹنے کیلئے کثیر جہتی نظام کو مضبوط بنانے کیلئے مسلسل کوشاں ہیں، اقوام متحدہ کے ساتھ دیرینہ اور قریبی تعاون مضبوط بنانے کے لیے پرعزم ہیں۔ ہم اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل کی قیادت اور کثیر الجہتی نظام، بین الاقوامی قانون، بات چیت اور تنازعات کے پرامن حل کیلئے ان کے اصولی عزم کو سراہتے ہیں وہ پاکستان کے عظیم دوست ہیں، ہم 2022 کے تباہ کن سیلاب کے دوران پاکستان کے عوام کے ساتھ ان کی یکجہتی اور بحالی اور تعمیر نو کے لئے بین الاقوامی امداد کے حوالے سے ان کے تعاون کو کبھی فراموش نہیں کریں گے۔

بڑھتے حوثی خطرات، مکہ معاہدہ اور پاکستان

نازیہ مصطفیٰ

مشرق وسطیٰ کی سیاسی اور عسکری صورتحال ایک نہایت خطرناک حقیقت کی عکاسی کر رہی ہے۔ یعنی جب کسی غیر ریاستی عنصر کے پاس اپنی سرحدوں سے باہر طاقت کا مظاہرہ کرنے کی صلاحیت آجاتی ہے تو علاقائی عدم استحکام تیزی سے عالمی سلامتی کے چیلنج میں تبدیل ہوجاتا ہے۔ یمن میں حوثی گروہ کی مثال اس حقیقت کی سب سے واضح تصویر پیش کرتی ہے۔ ایک ایسی تحریک جو کبھی یمن کے اندرونی سیاسی و مذہبی تنازعے کا حصہ تھی وہ آج ریاستی خودمختاری، علاقائی سلامتی اور بین الاقوامی بحری تجارت کیلئے ایک حقیقی خطرہ بن چکی ہے۔ یہ تبدیلی اچانک نہیں آئی بلکہ ایک سوچے سمجھے عمل کا نتیجہ ہے جس نے ایک مقامی مزاحمتی گروہ کو ایک مسلح طاقت میں بدل دیا جو میزائل اور ڈرون جیسے جدید ہتھیاروں کے ذریعے خطے کی سلامتی کو چیلنج کر رہی ہے۔

حوثی تحریک کی ابتدا زیدی احیائی تحریک کے طور پر ہوئی تھی لیکن وقت کے ساتھ یہ ایک بھاری ہتھیاروں سے لیس غیر ریاستی عنصر میں تبدیل ہوگئی اور 2014ء میں صنعا پر قبضہ کرلیا۔ اس کے بعد اس نے میزائل اور ڈرون کی خاصی اہم صلاحیتیں حاصل کیں۔ یہ وہ نکتہ ہے جس پر سنجیدگی سے غور کرنے کی ضرورت ہے کہ جب کوئی غیر ریاستی گروہ محض مقامی تنازعے میں فریق رہنے کے بجائے جدید عسکری ٹیکنالوجی تک رسائی حاصل کر لیتا ہے تو اس کا کردار ریاستی اداروں سے مختلف نہیں رہتا جبکہ اس پر بین الاقوامی قانون اور احتساب کے وہی تقاضے لاگو نہیں ہوتے جو ایک باقاعدہ ریاست پر ہوتے ہیں۔ یہی وہ خلا ہے جو خطرے کو مزید سنگین بنا دیتا ہے۔

اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل نے اس خطرے کا ادراک بروقت کیا تھا۔ 2015ء میں قرارداد 2216 کے ذریعے حوثیوں سے تشدد ختم کرنے، قبضے میں لیے گئے علاقے خالی کرنے اور اسلحہ حوالے کرنے کا مطالبہ کیا گیا۔ تاہم اس قرارداد پر عملدرآمد نہ ہونے کے باعث 2022ء میں قرارداد 2624 کے ذریعے حوثیوں کو اسلحہ پابندی کے دائرے میں لایا گیا۔ یہ دونوں اقدامات اس بات کی تصدیق کرتے ہیں کہ عالمی برادری نے بھی اس خطرے کی سنگینی کو تسلیم کیا لیکن سوال یہ ہے کہ محض قراردادیں کسی ایسے عنصر کو کیسے روک سکتی ہیں جو ریاستی ذمہ داری اور بین الاقوامی جوابدہی کے دائرے سے باہر کام کرتا ہے۔

حوثیوں کی کارروائیوں کا دائرہ کار وقت کے ساتھ وسیع ہوتا گیا۔ ابتدا میں یہ یمن کے اندرونی تنازعے تک محدود تھیں لیکن بعد ازاں ان حملوں کا رخ سعودی سرزمین، شہری تنصیبات اور اہم اقتصادی اثاثوں کی طرف ہوگیا۔ اب یہ محض سعودی عرب کا داخلی مسئلہ نہیں رہا بلکہ خطے کی توانائی کی سلامتی اور عالمی منڈیوں کے استحکام کا سوال بن چکا ہے۔

اس پورے منظرنامے میں سعودی عرب کی حیثیت محض ایک علاقائی طاقت کی نہیں بلکہ اس کی اہمیت مذہبی اور روحانی سطح پر بھی غیر معمولی ہے کیونکہ حرمین شریفین اسی سرزمین پر واقع ہیں۔ یہی وہ نکتہ ہے جو پاکستان کیلئے اس معاملے کو محض ایک علاقائی تنازعہ نہیں بلکہ ایک بنیادی سلامتی، اقتصادی اور مذہبی ترجیح بنا دیتا ہے۔ پاکستان کا موقف اس حوالے سے واضح اور غیر مبہم ہے۔ پاکستان اس سلسلے میں سعودی عرب پر حوثیوں کے حملوں، حرمین شریفین کو دھمکیوں اور تجارتی جہازرانی پر حملوں کی سختی سے مذمت کرتا ہے۔ پاکستان کا موقف ہے کہ ایسی کارروائیاں خودمختاری، بین الاقوامی قانون اور آزادانہ بحری نقل و حرکت کی صریح خلاف ورزی ہیں۔ پاکستان کی قیادت نے بارہا یہ واضح کیا ہے کہ حرمین شریفین کو کسی بھی قسم کا خطرہ ایک ناقابلِ قبول ریڈ لائن ہے اور حرمین پر حملہ روایتی جغرافیائی سیاسی حساب کتاب سے بالاتر ہوکر پوری امتِ مسلمہ کے روحانی مرکز پر حملہ تصور ہوگا۔

پاکستان کا سعودی عرب کے ساتھ یہ تزویراتی تعلق محض جذباتی وابستگی تک محدود نہیں بلکہ اسے باقاعدہ دفاعی معاہدوں کی شکل میں مستحکم کیا گیا ہے۔ سٹریٹجک باہمی دفاعی معاہدہ اور مکہ مشترکہ دفاعی معاہدہ دونوں ممالک کی موجودہ تزویراتی اور دفاعی شراکت داری کو مزید مضبوط بناتے ہیں۔ یہ معاہدے عسکری تیاری اور اجتماعی سلامتی کیلئے ایک اضافی فریم ورک فراہم کرتے ہیں جبکہ پاکستان کسی بھی ممکنہ ردعمل کی نوعیت، وقت اور پیمانے کے حوالے سے اپنی آپریشنل خودمختاری بھی برقرار رکھتا ہے۔ یہ متوازن پالیسی اس بات کی عکاسی کرتی ہے کہ پاکستان اپنے اتحادی کی حمایت میں کسی لچک کا مظاہرہ نہیں کرتا مگر ساتھ ہی اپنے فیصلوں میں دانشمندی اور تدبر کو بھی مقدم رکھتا ہے۔

تین برس قبل حوثیوں کے خطرے نے ایک نئی جہت اختیار کرلی یعنی بحیرہ احمر اور باب المندب میں تجارتی بحری جہازوں پر حملے نئی جہت ہے۔ جو کچھ یمن کے اندرونی تنازعے کے طور پر شروع ہوا تھا وہ اب بین الاقوامی تجارت اور بحری آزادانہ نقل و حرکت کے لیے ایک کھلا چیلنج بن چکا ہے۔

☆☆☆☆

حاضری یہ قبول ہو یارب

سعید آسی

جھگڑا تو امریکہ اور ایران کا ہے جس نے گذشتہ سات ماہ سے خطے کے امن و سکون کو سولی پہ لٹکا رکھا ہے۔ پاکستان اور قطر کی سفارتی کاوشوں سے امن کا کچھ محفوظ راستہ نکلتا ہے، دنیا لمحہ بھر کو سکھ کا سانس لیتی ہے مگر اس راستے کی جانب گامزن ہونے کے عین موقع پر ٹرمپ کا سپر پاور والا زعم عود کر آتا ہے اور ایران کی جانب بارعونت دھمکی لڑھکا دی جاتی ہے "سیدھے ہوجاؤ ورنہ لامتناہی اندھیروں کی جانب دھکیل دیئے جاؤ گے"۔ سوامن کی سجی سجائی بساط زرد پتوں کی طرح بکھر جاتی ہے۔ پھر ایران کا ردعمل انسانیت کے ماتھے پر خوف کی تریڑیاں ڈالتا نظر آتا ہے۔ ایران کے پاسداران انقلاب کسی امریکی دھمکی کو خاطر میں ہی نہیں لاتے اور ان کے دوٹوک ردعمل کے سہارے ایران کی سول قیادتیں صدر مسعود پزشکیان سے لے کر عباس عراقچی اور باقر قالیباف تک سب کی سب امریکہ کو سبق سکھانے کے اعلانات پر ڈٹ کر کھڑی ہو جاتی ہیں۔ سورواں سال 28 فروری سے اب تک امریکہ، ایران کشیدگی میں دنیا بھر کے خوفزدہ انسانوں کو سکون کا ایک لمحہ بھی میسر نہیں آسکا۔ دنیا کی مضبوط معیشتوں کی بنیادیں بھی ہل گئی ہیں اور پاکستان جیسے ترقی پذیر ممالک کی معیشتیں تو اب اپنے پاؤں پر کھڑی ہی نہیں ہو پا رہیں۔ بس آپا دھاپی کے دلدوز مناظر بنتے بگڑتے نظر آتے ہیں اور دعاؤں کے لئے اٹھے ہاتھ مایوسی و نامرادی کی جھلک پا کر آسمان سے زمین کی جانب لڑھکتے چلے جاتے ہیں۔

اس کشیدگی نے مسلم خلیجی ریاستوں کو الگ سے دھڑکا لگا رکھا ہے۔ جھگڑا ایران کا امریکہ کے ساتھ ہے مگر جیسے ہی ٹرمپ کی زبان سے ایران کے لئے عبرتناک انجام والی دھمکی جگالی کرتی باہر نکلتی ہے تو کوئی نہ کوئی مسلمان خلیجی ریاست ایرانی میزائلوں کی بوچھاڑ کی زد میں آجاتی ہے۔ باور تو یہی کرایا جاتا ہے خلیجی ریاستوں میں موجود امریکی اڈوں میں سے جس کی جانب سے بھی امریکی میزائل ایران کی جانب لپکتے ہیں تو اسی وقت ایرانی میزائلوں کا رخ متعلقہ خلیجی ریاست میں موجود امریکی اڈوں کی جانب ہو جاتا ہے۔ خلیجی مسلم ریاستوں میں سے اب تک سب سے زیادہ متحدہ عرب امارات، سعودی عرب، قطر، اومان، شام اور صیہونی ناجائز ریاست اسرئیل ایرانی میزائل حملوں کی زد میں آئی ہے۔ کہنے کو تو یہ حملے خلیجی ریاستوں کے امریکی اڈوں پر ہوتے ہیں مگر ایسے حملوں سے متعلقہ ریاست کا سارا سسٹم درہم برہم ہو جاتا ہے، سویلین علاقوں میں بھی خوف و دہشت کی فضا ہمہ وقت طاری رہتی ہے جس سے تجارتی سرگرمیاں ماند پڑ جاتی ہیں، لوگوں کے کاروبار ٹھپ ہو کر رہ جاتے ہیں، نتیجتاً بے روزگاری کا عفریت بھی وہاں کے شہریوں اور بالخصوص سمندر پار پاکستانیوں کے کاروبار اور روزگار کو اپنی لپیٹ میں لے کر ان کا مستقبل تاریک بنا دیتا ہے۔ خلیجی ریاستوں میں چونکہ محنت مزدوری، کاروبار کرنے والے اور فیکٹریوں میں ماہانہ اجرت پر ملازمت اختیار کرنے والے بیشتر افراد پاکستان سے اچھے مستقبل کے سہانے خواب لے کر آئے ہوئے ہیں جو کسی میزائل کے گرنے سے سب سے زیادہ متاثر ہوتے ہیں چنانچہ پاکستان میں موجود ان کے عزیز و اقارب بھی مایوسی کی چادر لپیٹ کر اپنے گھروں کے کونوں کھدروں میں کسی گوشہ عافیت کی تلاش میں سرگرداں نظر آتے ہیں۔

خطے کی کشیدگی کو مہمیز لگانے والے فریقین کو شاید متاثرہ شہریوں کی حالتِ زار کا اب تک کوئی احساس ہی نہیں ہو پایا اس لیئے وہ ایک دوسرے پر ہاہا کار کا سلسلہ جاری رکھے ہوئے ہیں اور خلق خدا کیلئے اس کرب کو بڑھاتے ہی چلے جا رہے ہیں۔

امریکہ اور ایران کا آپس میں مفادات کا ٹکراؤ تو سمجھ میں آتا ہے مگر "تو کون، میں خواہ مخواہ" کے مصداق یمن کے باغی حوتی اچانک کیوں میدان میں اپنا لچ تلنے کو اتر آئے ہیں۔ جب کچھ عرصہ قبل فروعی اختلافات کی بنیاد پر ایران نے سعودی عرب کے خلاف محاذ گرمایا تو یمن کے حوتی باغیوں نے بھی سعودی عرب کے خلاف مورچہ سنبھال لیا جس سے بادی النظر میں یہ تاثر گہرا ہوا کہ حوتی باغی ایران کی آشیر باد سے سعودی عرب کو آنکھیں دکھا رہے ہیں۔ اُس وقت بھی پاکستان کی سفارتی کاوشوں سے سعودی عرب اور ایران میں غلط فہمیاں دُور ہوئیں تو حوتی باغیوں کے ہوش بھی ٹھکانے پر آ گئے۔ اب امریکہ نے ایران کے خلاف محاذ گرمایا تو حوتی باغیوں نے اچانک حرکت میں آکر سعودی عرب کے مقدس مقامات پر میزائل حملوں کا سلسلہ شروع کر دیا جس سے فطری طور پر یہ تاثر اجاگر ہوا کہ ایران نے حوثیوں کو تھپکی دے کر اس راہ پر لگایا ہے۔ سعودی عرب نے حوثیوں کو پچھاڑنے کیلئے اسی امریکہ سے معاونت طلب کی جس نے سعودی سرزمین پر اپنے اڈے قائم کر کے اس کے دفاع کی ذمہ داری لے رکھی ہے مگر حیران کن طور پر امریکی ردعمل سعودی عرب اور اس کی حلیف مسلم ریاستوں کے تقاضوں کے قطعی برعکس سامنے آیا کیونکہ امریکہ نے حوتی باغیوں کے مقابل سعودی عرب کو لاجسٹک معاونت فراہم کرنے سے معذرت کر لی۔ اس سے چین کے صدر شی جن پنگ کا خطے کے ممالک کو دیا گیا یہ مشورہ حالات کی درست عکاسی کرتا نظر آیا کہ وہ کسی دوسرے پر تکیہ کرنے کے بجائے اپنے دفاع کا خود کوئی متحدہ نظام تشکیل دینے کا فیصلہ کر لیں۔ ظاہر ہے اس تجویز کو عملی قالب میں ڈھالنے کے لئے چین خلیجی ریاستوں کے ساتھ ہی کھڑا نظر آئے گا جس نے پہلے ہی پاکستان کے ساتھ تجارتی و اقتصادی معاہدوں کے علاوہ دفاعی معاہدہ بھی کر رکھا ہے۔ اگر خلیجی ریاستیں بھی چین، پاکستان کے اس معاہدے کے بندھن میں آ جائیں تو خطے کے امن و سلامتی کی فضا یکسر تبدیل ہو کر امریکہ کے لئے خود کو اپنی حدود میں رکھنے کا پیغام بن جائے۔ اس وقت یمن کے حوتی باغی سعودی عرب کی جانب مَیلی آنکھ سے دیکھنے کی جرات کر پا رہے ہیں تو ان کے لئے امریکی تھپکی کے باعث ہی ایسا کرنا ممکن ہوا ہے کیونکہ آج ایران بھی سعودی عرب کے خلاف حوثیوں کی کارروائیوں سے لاتعلقی کا اعلان کر رہا ہے

قائداعظم: آئین کی بالادستی اور قانون کی حکمرانی

قیوم نظامی

پاکستان میں آئین کی بالادستی اور قانون کی حکمرانی جمہوری ریاست کی بنیادی ضرورت ہے مگر عملی سطح پر اس اصول کو مسلسل چیلنجز کا سامنا ہے۔ آئین کا آرٹیکل 4 ہر شہری کے ساتھ قانون کے مطابق سلوک اور آرٹیکل 25 تمام شہریوں کے لیے قانون کے سامنے برابری کی ضمانت دیتا ہے حالیہ برسوں میں اختیارات کی تقسیم اداروں کے باہمی تعلقات عدالتی آزادی سیاسی کشمکش اور احتساب کے طریقہ کار پر مسلسل سوالات اٹھتے رہے ہیں۔ ورلڈ جسٹس پروجیکٹ کے 2025ء انڈیکس میں پاکستان 143 ممالک میں سے 130ویں نمبر پر رہا جبکہ بنیادی حقوق اور شہری انصاف سمیت کئی شعبوں میں کمزور سکور سامنے آیا اصل مسئلہ صرف قوانین کی کمی نہیں بلکہ قانون کے یکساں اور غیر جانب دار نفاذ کا ہے۔ افسوس آج آئین کے کئی آرٹیکلز کو عملی طور پر معطل رکھا گیا ہے ریاست میں کوئی فرد، ادارہ یا عہدہ آئین اور قانون سے بالاتر نہیں ہونا چاہیے۔ پائیدار سیاسی استحکام معاشی ترقی اور عوام کے اعتماد کے لیے ضروری ہے کہ آئین کو محض کتاب نہیں بلکہ ریاستی نظام کا عملی دستور بنایا جائے عدلیہ کی آزادی اور اداروں کی حدود کا احترام ہو اور ہر شہری کو بلا امتیاز انصاف اور مساوی قانونی تحفظ حاصل ہو۔ آیئے آئین کی بالادستی اور قانون کی حکمرانی کے سلسلے میں قائداعظم سے رہنمائی حاصل کرتے ہیں قائداعظم آئین اور قانون کی حکمرانی پر یقین رکھتے تھے انہوں نے ساری زندگی بھی کوئی قانون نہیں توڑا۔ یہی وجہ ہے کہ انگریز ان کو ایک دن کے لیے بھی جیل نہ بھیج سکا جبکہ ان کے اکثر سیاسی مخالفین آئین اور قانون سے انحراف کی وجہ سے لمبی جیلیں کاٹتے رہے ایک دفعہ قائداعظم گورنر جنرل ہاؤس سے ملیر کی جانب جا رہے تھے راستے میں ریلوے لائن کا پھاٹک بند ملا گاڑی آنے میں چند منٹ باقی تھے قائداعظم کے اے ڈی سی گل حسن نے پھاٹک کھلوا دیا مگر قائداعظم نے آگے جانے سے انکار کر دیا اور کہا گل دیکھو اگر میں قانون توڑوں گا تو میری قوم قانون پر عمل کیسے کرے گی قائداعظم قوانین کے علاوہ رولز کی بھی پابندی کرتے تھے گل حسن کے مطابق 400 سرکاری ملازمین اپنے مطالبات کے لیے گورنر جنرل ہاؤس کے مین گیٹ پر احتجاج کے لیے جمع ہوگئے سٹاف نے ان پر لاٹھی چارج کر کے منتشر کرنے کی اجازت طلب کی قائداعظم نے سرکاری ملازمین کو اندر بلا لیا اور بالکونی سے چند منٹ خطاب کر کے ان کے مسائل حل کرنے کا یقین دلایا۔ قائداعظم نے کہا کہ پرامن احتجاج شہریوں کا قانونی اور جمہوری حق ہے اور عوام پاکستان کے مالک ہیں۔ مالکوں پر لاٹھی چارج نہیں کیا جانا چاہیے 1945ء اور 46ء کے انتخابات میں مولانا شبیر احمد عثمانی نے قائداعظم سے درخواست کی کہ وہ صوبائی انتخابات کے لیے انکے امیدواروں کو ٹکٹ دینے کے لیے سفارش کریں مولانا عثمانی کا انتخابات میں کردار بڑی اہمیت کا حامل تھا۔ قائداعظم نے صوبائی پارلیمانی بورڈ کے کام میں مداخلت سے انکار کر دیا کیونکہ مسلم لیگ کے قواعد و ضوابط ان کو اجازت نہیں دیتے تھے قائداعظم نے مولانا عثمانی کو جواب دیا کہ اگر ان کو صوبائی بورڈ کے فیصلے سے اختلاف ہو تو ان کے امیدوار مرکزی پارلیمانی بورڈ میں اپیل کریں جس کا فیصلہ حتمی ہوگا فروری 1948ء میں مسلم لیگ کونسل کے اجلاس میں پیر آف مانکی شریف نے ایک قرارداد پیش کی کہ قائداعظم گورنر جنرل کے منصب کے ساتھ مسلم لیگ کے صدر کے منصب پر بھی فائز رہیں قائداعظم نے پارٹی کا عہدہ اپنے پاس رکھنے سے انکار کر دیا اور کہا کہ یہ انتہائی غلط اقدام ہوگا کیونکہ گورنر جنرل کو پاکستان کی سب سیاسی جماعتوں اور ہر شعبہ زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد کے مفادات اور حقوق کا تحفظ کرنا ہوتا ہے جب تحریک پاکستان عروج پر تھی تو مسلم لیگ کے رہنماؤں نے قائداعظم کو مسلم لیگ کا تاحیات صدر بنانے کی تجویز پیش کی قائداعظم نے اس تجویز سے اتفاق نہ کیا اور مقررہ مدت کے بعد اپنے آپ کو انتخاب کے لیے مسلم لیگ کی کونسل کے سامنے پیش کرتے رہے قائداعظم کے بارے میں یہ تاثر ہرگز درست نہیں ہے کہ وہ آئین اور قوانین کے برعکس وزیراعظم کے اختیارات استعمال کرتے رہے جنوری 1948ء میں کراچی میں فسادات ہوئے اس موقع پر چند صوبائی وزیروں نے کرفیو کو توڑتے ہوئے اندھا دھند فائرنگ کر دی فوج نے ان کو حراست میں لے لیا یہ مسئلہ گورنر جنرل تک پہنچا صوبائی وزیروں نے مئوقف اختیار کیا کہ وہ امن و امان بحال کرنے کے لیے انتظامیہ کی معاونت کر رہے تھے جنرل اکبر نے کہا کہ کراچی میں امن و امان کا قیام ان کی ذمہ داری ہے صوبائی وزراء کو مداخلت کا کوئی اختیار نہیں ہے قائداعظم نے جنرل اکبر سے اتفاق کیا اور صوبائی وزراء سے تحریری معافی نامہ حاصل کیا اور جنرل اکبر سے کہا کہ وہ وزیروں سے ہاتھ ملائے اور ان کو موٹر کار تک چھوڑ کر آئے

ڈان کے پہلے ایڈیٹر الطاف حسین لکھتے ہیں کہ میں نے قائداعظم کی رحلت سے تین ماہ پہلے ان سے زیارت میں ملاقات کی وہ پنجاب کی سیاسی صورتحال اور ممدوٹ دولتانہ کی کشمکش سے سخت پریشان تھے میں نے قائد اعظم سے کہا کہ وہ پنجاب میں گورنر راج کیوں نافذ نہیں کر دیتے، قائداعظم آئین کی حکمرانی کے قائل تھے، انہوں نے کہا کہ آئین انہیں اس صورت میں گورنر راج نافذ کرنے کا اختیار دیتا ہے

شور بہت ہے، مگر خیر کی آواز کہاں ہے؟

تحریر۔ ذوالفقار علی طارقی قادری

آج ہم جس دور سے گزر رہے ہیں، اسے اگر انتشار، افراتفری اور بے چینی کا دور کہا جائے تو شاید غلط نہ ہوگا۔ سوشل میڈیا ہو، اخبارات ہوں، الیکٹرانک میڈیا ہو، سیاسی بیانات ہوں یا سیاسی جلسے، ہر طرف شور سنائی دیتا ہے، ہر طرف ایک دوسرے کے خلاف صف آراء ہونے کی کیفیت نظر آتی ہے۔ کسی کے منہ سے، کسی ذریعے سے، کسی طرف سے کوئی خیر کی خبر سننے کو کم ہی ملتی ہے۔ ایسا محسوس ہوتا ہے جیسے معاشرے میں اچھی بات، مثبت سوچ، محبت، برداشت، اخلاق اور خیر خواہی کے لیے جگہ مسلسل کم ہوتی جا رہی ہے۔ افسوس تو اس بات کا بھی ہے کہ اگر کسی اخبار کو اسلامی، دینی یا اصلاحی خبر بھیجی جائے تو اکثر اسے توڑ مروڑ کر کسی کونے میں جگہ دے دی جاتی ہے، لیکن اگر کوئی انتشار پیدا کرنے والی خبر ہو، کسی کے خلاف بیان ہو، کوئی تلخ سیاسی جملہ ہو یا کوئی ایسی بات ہو جو لوگوں کے جذبات بھڑکا سکے تو اسے نمایاں سرخیوں کے ساتھ پیش کیا جاتا ہے۔ سوال یہ ہے کہ ہم اپنے معاشرے کو کس طرف لے کر جا رہے ہیں؟ کیا صحافت، میڈیا اور سوشل میڈیا کا مقصد صرف شور پیدا کرنا رہ گیا ہے یا ان کا کوئی اخلاقی اور معاشرتی فریضہ بھی ہے؟ یہ سوالات ذہن میں لیے میں یہ تحریر لکھ رہا ہوں تو گزشتہ روز کا ایک واقعہ بار بار میرے سامنے آ رہا ہے۔

گزشتہ روز میں خود شدید علیل تھا، تکلیف میں تھا، طبیعت ایسی تھی کہ کسی سے بات کرنے کی بھی ہمت نہیں تھی۔ اچانک موبائل کی گھنٹی بجی۔ ایک نیا نمبر تھا۔ میں نے کال ریسیو کی تو دوسری طرف سے ایک خاتون کی انتہائی درد بھری آواز سنائی دی۔ انہوں نے کہا:

"بھائی جان! فون بند مت کرنا، میری درد بھری بات سن لینا۔

میری اپنی حالت ایسی تھی کہ میں شاید ان کی بات سننے کے قابل بھی نہ تھا۔ میں نے ان سے عرض کیا کہ آپ آدھے گھنٹے بعد فون کریں، میں آپ کی تمام بات اطمینان سے سنوں گا۔ وہ بہن شاید شدید کرب میں تھی، مگر میری بات مان لی۔ آدھے گھنٹے بعد دوبارہ فون کیا اور اپنی گفتگو کا آغاز ایسے درد کے ساتھ کیا جسے میں اس کالم میں تحریر بھی نہیں کر سکتا۔ میں نے خاموشی سے اس بہن کی پوری بات سنی۔

جب اس کی تمام تکلیف میرے سامنے آئی تو ایک لمحے کے لیے میں اپنی بیماری، اپنا درد اور اپنی تکلیف بھول گیا۔ میرے پسینے چھوٹ گئے اور یوں محسوس ہوا جیسے زمین میرے قدموں کے نیچے سے نکل گئی ہو۔

اس واقعے نے مجھے ایک مرتبہ پھر یہ سوچنے پر مجبور کیا کہ ہم اپنی زندگی میں کتنی بڑی بڑی باتیں کرتے ہیں، لیکن کبھی کبھی ہمارے بالکل قریب موجود انسان اندر ہی اندر ایسی تکلیف سے گزر رہا ہوتا ہے جس کا ہمیں اندازہ تک نہیں ہوتا۔

کسی کی بیٹی، کسی کی بہن جب آپ کے نکاح میں آجائے تو صرف نکاح نامہ ہی نہیں، اس کے ساتھ زندگی بھر کی ذمہ داری بھی آپ کے کندھوں پر آجاتی ہے۔

گرمی ہو یا سردی، خوشی ہو یا غم، آسانی ہو یا مشکل، بیماری ہو یا صحت، بیوی کا ساتھ دینا، اس کا سہارا بننا، اس کی عزت کرنا اور اس کے دکھ کو اپنا دکھ سمجھنا شوہر کی ذمہ داری میں شامل ہے۔

ہم اپنے بچوں کی تعلیم کے لیے بڑے بڑے خواب دیکھتے ہیں۔ ہم نے بھی بچوں کی پڑھائی کے سلسلے میں لاہور منتقل ہونے کا فیصلہ اسی مقصد سے کیا کہ انہیں اعلیٰ تعلیم دلائیں گے، انہیں معاشرے کا بہترین انسان بنائیں گے، انہیں کامیاب اور باکردار بنائیں گے۔ لیکن بعض اوقات انسان جس مقصد کے لیے گھر سے نکلتا ہے، راستے میں اسے ایسے حالات کا سامنا کرنا پڑتا ہے جن کا اس نے تصور بھی نہیں کیا ہوتا۔

شہر بدلنے سے صرف مکان نہیں بدلتا، ماحول بھی بدل جاتا ہے۔ دوستیاں بدلتی ہیں، صحبتیں بدلتی ہیں، خیالات بدلتے ہیں اور کبھی کبھی انسان کو خبر ہی نہیں ہوتی کہ وہ کب اپنے اصل مقصد سے دور ہوتا چلا گیا۔ ہم اکثر یورپی معاشروں کو بے حیائی اور بے راہ روی کے حوالے سے تنقید کا نشانہ بناتے ہیں، لیکن ہمیں اپنے معاشرے کے اندر بھی جھانکنے کی ضرورت ہے۔ آج ہمارے اپنے معاشرے میں دوستی کے نام پر نوجوانوں کے ایمان، کردار، عقیدے اور سوچ کو متاثر کرنے کی کوششیں کی جا رہی ہیں۔ مختلف فکری اور نظریاتی رجحانات کے ذریعے لوگوں کو اپنی اصل اقدار سے دور کرنے کی کوششیں نظر آتی ہیں۔

قادیانیت، الومینٹی، سیکولرزم اور دیگر گمراہ کن نظریات کے حوالے سے بھی ہمیں اپنے نوجوانوں میں شعور پیدا کرنے کی ضرورت ہے، تاکہ وہ ہر چمکتی ہوئی چیز کو سونا نہ سمجھیں، ہر شخص کو اپنا خیر خواہ نہ سمجھیں اور ہر دوستی کو وفا کا نام نہ دیں۔

دوستی زندگی کی سب سے خوبصورت نعمتوں میں سے ایک ہے، مگر غلط دوست زندگی کی سب سے بڑی آزمائش بھی بن سکتا ہے۔

اس لیے دوست بناتے وقت صرف یہ نہ دیکھیں کہ سامنے والا آپ کو کتنا خوش رکھتا ہے، یہ بھی دیکھیں کہ وہ آپ کو لے کہاں جا رہا ہے۔ کیا وہ آپ کو نماز کے قریب کر رہا ہے یا دور؟ کیا وہ آپ کے اخلاق بہتر کر رہا ہے یا خراب؟ کیا وہ آپ کے گھر والوں کی عزت کرنا سکھا رہا ہے یا ان سے دور کر رہا ہے؟ کیا وہ آپ کے ایمان اور کردار کی حفاظت کر رہا ہے یا آپ کو ایسی راہوں پر لے جا رہا ہے جہاں واپسی مشکل ہو جائے؟ آج کل بعض لوگ دوستیاں بھی صرف مفاد کے لیے رکھتے ہیں۔ جب تک مفاد باقی رہتا ہے، وفاداری باقی رہتی ہے، اور جب مفاد ختم ہو جائے تو نہ دوستی باقی رہتی ہے، نہ تعلق اور نہ وفا۔

ہم نے اپنی زندگی میں ایسے لوگ بھی دیکھے ہیں جنہیں ہم نے زمین سے اٹھا کر آسمان تک پہنچانے کی کوشش کی۔ عزت دلوائی، لوگوں سے بات کرنا سکھایا، اٹھنا بیٹھنا سکھایا، آگے بڑھنے کے مواقع دیے، مشکل وقت میں ساتھ کھڑے ہوئے، لیکن وقت بدلا تو وہی لوگ مقابلے میں کھڑے ہونے کے لیے تیار نظر آئے۔

یہ زندگی کا تلخ تجربہ ہے۔ اسی لیے ہر شخص کو سوچ سمجھ کر دوست بنانا چاہیے۔ کسی کے لیے اپنے ایمان کا سودا نہ کریں۔ کسی کی دوستی کے لیے اپنے اسلام، اپنے گھر، اپنے والدین، اپنے بہن بھائیوں اور اپنے اہل خانہ سے محبت اور عزت کو ختم نہ کریں۔

یاد رکھیں! دنیا کی ہر دوستی دائمی نہیں ہوتی، لیکن نیک صحبت انسان کی دنیا بھی سنوار سکتی ہے اور آخرت بھی۔

اپنی بیوی بچوں کو وقت دیں۔ ان کی خدمت کریں، ان کی بات سنیں، انہیں اہمیت دیں، ان کی عزت کریں۔ گھر کو صرف رہنے کی جگہ نہ بنائیں بلکہ محبت، اعتماد، تربیت اور سکون کا مرکز بنائیں۔

آج معاشرے میں ایک عجیب کیفیت پیدا ہو چکی ہے۔ ہر طرف موقع پرست اور مطلب پرست عناصر موجود ہیں۔ بسا اوقات انسان کو دشمن سے زیادہ اس شخص سے نقصان پہنچتا ہے جسے وہ اپنا سمجھ کر اپنے راز، اپنے مسائل اور اپنی کمزوریاں بتا دیتا ہے۔ اس لیے احتیاط کیجیے۔ ہر مسکراتا چہرہ مخلص نہیں ہوتا، ہر قریب بیٹھنے والا دوست نہیں ہوتا اور ہر میٹھی بات کرنے والا خیر خواہ نہیں ہوتا۔

اچھے دوست اللہ تعالیٰ کی نعمت ہوتے ہیں۔ ایسے دوست جو مشکل وقت میں آپ کا ہاتھ پکڑیں، آپ کو غلط راستے سے روکیں، دین کی طرف متوجہ کریں، آپ کے گھر کی عزت کریں اور آپ کی غیر موجودگی میں بھی آپ کے لیے خیر کی بات کریں، ایسے لوگوں کی قدر کرنی چاہیے اور اس بہن کے لیے بھی میں اپنے تمام قارئین سے خصوصی دعا کی درخواست کرتا ہوں جس کی درد بھری آواز نے میری اپنی تکلیف مجھے بھلا دی۔



میں شاید اس کے لیے کچھ نہ کر سکوں، مگر دعا تو کر سکتا ہوں۔ اللہ کریم! اس بہن کی تمام پریشانیاں دور فرما، اس کے دکھوں کو سکھ میں بدل دے، اس کے گھر میں سکون، محبت اور رحمت عطاء فرما، اس کی ہر مشکل آسان فرما اور اسے ہر ایسی آزمائش سے نجات عطا فرماء جسے برداشت کرنا اس کے لیے مشکل ہو رہا ہے۔ آمین۔

اور آخر میں ہم سب کو یہ سمجھنے کی ضرورت ہے کہ ہر روز ایک نیا فتنہ، ایک نئی آزمائش اور ایک نئی گمراہی ہمارے سامنے آ رہی ہے۔ ایسے ماحول میں ایمان، کردار، گھر اور اولاد کی حفاظت صرف تقریروں سے نہیں ہوگی، بلکہ ہمیں اپنی صحبت، اپنی ترجیحات، اپنے گھروں اور اپنی روزمرہ زندگی پر نظر رکھنا ہوگی۔

اللہ کریم ہم سب پر اپنی نگاہِ کرم فرمائے، اپنا فضل و کرم فرمائے، ہم پر مہربانی فرمائے، ہمیں ہر طرح کی گمراہی سے محفوظ فرمائے، ہر طرح کی آفات و بلیات سے محفوظ فرمائے، شریر مخلوقات، شریر جنات، جادوگروں کی جادوگری اور نظرِ بد سے محفوظ فرمائے۔ اللہ! ہمارے ایمان کی حفاظت فرمائے، ہمارے گھروں کی حفاظت فرمائے، ہماری اولاد کی حفاظت فرمائے، ہماری عزتوں کی حفاظت فرما اور ہمیں ہر نئے اور پرانے فتنے سے محفوظ فرمائے

آمین یارب العالمین۔

☆☆☆

☆☆

بقیہ 1

کر سکتے ہیں جو کل کی کسی غیر یقینی صورتحال کے لئے زیادہ بہتر طور پر تیار ہو۔ انہوں نے یہ بات قومی استقامت کے دن کے موقع پر اپنے پیغام میں کہی جو 8 اکتوبر کو منایا جا رہا ہے۔ صدر مملکت نے 8 اکتوبر 2005 کے تباہ کن زلزلے میں جاں بحق ہونے والے ہزاروں افراد کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ یہ دن ان قیمتی جانوں کو یاد کرنے اور ان متاثرین کو سلام پیش کرنے کا موقع ہے جنہوں نے عزم اور حوصلے کے ساتھ اپنی زندگیاں دوبارہ تعمیر کیں۔ صدر مملکت نے سوگوار خاندانوں اور ان تمام افراد کو بھی خراج تحسین پیش کیا جو متاثرہ آبادیوں کے مشکل وقت میں ان کے شانہ بشانہ کھڑے رہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ سانحہ ہماری قومی یادداشت میں آج بھی نقش ہے تاہم اس موقع پر پاکستانی عوام اور اداروں کی جانب سے دکھایا جانے والا غیر معمولی جذبہ ہمدردی، اجتماعی قوت اور بین الاقوامی شراکت داروں کی معاونت بھی ہماری یادوں کا اہم حصہ ہے۔ صدر مملکت نے کہا کہ اس تجربے نے ثابت کیا کہ مشکلات کے وقت ایک دوسرے کی حفاظت اور مل جل کر بحالی کی صلاحیت ہماری سب سے بڑی طاقتوں میں سے ایک ہے، جاں بحق افراد کو سب سے بامعنی خراج عقیدت یہی ہے کہ ماضی کے تجربات سے سبق حاصل کر کے مستقبل میں انسانی جانوں اور آبادیوں کے بہتر تحفظ کے اقدامات کئے جائیں۔ صدر مملکت نے زلزلے کے دوران اظہار یکجہتی اور امداد پر عالمی برادری کا شکریہ ادا کرتے ہوئے سعودی عرب، امریکا، چین، ترکیہ، ایران، جاپان اور کیوبا سمیت ان ممالک کی خصوصی طور پر تعریف کی جنہوں نے پاکستان کی معاونت کی۔ انہوں نے قومی ذرائع ابلاغ، فلاحی تنظیموں اور ان لاتعداد رضاکاروں کو بھی خراج تحسین پیش کیا جنہوں نے متاثرہ آبادیوں کی مدد کے لئے سرکاری اداروں کے ساتھ مل کر کام کیا۔ انہوں نے کہا کہ ان کا کردار قدرتی آفات سے نمٹنے اور ضرورت مندوں کی مدد کے حوالے سے پاکستان کے قومی تجربے کا اہم حصہ ہے

بقیہ 2

کیلئے کلیئرنس اور سرچ آپریشن جاری ہے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان میں دہشت گردی کے خاتمے اور امن و استحکام کے قیام کیلئے سیکیورٹی فورسز اپنی ذمہ داریاں بھرپور انداز میں انجام دے رہی ہیں۔ دہشت گرد عناصر کے خلاف کارروائیوں کو منطقی انجام تک پہنچایا جائے گا انہوں نے کہا کہ بلوچستان سے دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک سیکیورٹی فورسز کی کارروائیاں جاری رہیں گی اور امن کے دشمن عناصر کو قانون کے شکنجے میں لانے کیلئے تمام ضروری اقدامات کیے جائیں گے۔

بقیہ 3

چیمہ، محمد اورنگزیب، ریاض حسین پیرزادہ، عطاء اللہ تارڑ، وزیراعظم کے مشیر ہارون اختر، گورنر اسٹیٹ بینک جمیل احمد اور دیگر اعلیٰ سرکاری حکام نے شرکت کی۔ اجلاس میں قرضوں کے حوالے سے نیشنل بینک آف پاکستان اور فرسٹ ویمن بینک کی کارکردگی کا جائزہ لیا گیا۔ وزیراعظم نے کہا کہ نیشنل بینک آف پاکستان کی ہاؤسنگ فنانس کے شعبے میں قرضوں کی منظوری کی شرح 76 فیصد ہونا قابل تحسین ہے، نیشنل بینک کی کارکردگی بڑھانے کیلئے بہترین پروفیشنلز کی خدمات لی جائیں اور مطلوبہ نتائج نہ دینے والے عملے کے خلاف سے بلاخوف محکمانہ کاروائی کی جائے، بینکوں کیلئے ہاسنگ فنانس کی فراہمی آسان بنانے کیلئے دیگر صوبے پنجاب کی طرز پر اراضی ریکارڈ کی ڈیجیٹلائزیشن تیز کریں، اراضی ریکارڈ کی ڈیجیٹلائزیشن سے بینکوں کیلئے ہاسنگ قرضوں کی فراہمی میں آسانی اور شفافیت آئے گی۔ اجلاس میں ہاسنگ، زرعی شعبے اور چھوٹے و درمیانے درجے کے کاروباری اداروں کو قرضوں کی فراہمی کے اعداد و شمار پیش کیے گئے۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ وزیراعظم اپنا گھر اسکیم کے تحت اب تک 426 ارب روپے مالیت کے 71 ہزار 690 قرضوں کی منظوری دی جا چکی ہے، اب تک 13,214 افراد کو 76 ارب روپے کے قرضے جاری کیے جا چکے ہیں، رواں سال 125,000 رہائشی یونٹس کیلئے 700 ارب روپے کے قرضوں کی فراہمی کا ہدف رکھا گیا ہے، زرعی شعبے کیلئے قرضوں کا مجموعی حجم 1,352 ارب روپے ہے، جس سے 34 لاکھ 55 ہزار افراد مستفید ہوئے، جون 2027 تک زرعی قرضوں کا حجم 1,500 ارب روپے اور مستفید ہونے والوں کی تعداد 45 لاکھ کا ہدف مقرر ہے۔ اجلاس کو بریفنگ میں بتایا گیا کہ زرعی شعبے کی مالی وسائل تک رسائی بڑھا کر کسانوں کی پیداواری صلاحیت اور معاشی سرگرمیوں کو فروغ دیا جائے گا، ایس ایم ای شعبے کے 3 لاکھ 50 ہزار کاروباری افراد کو 1,137 ارب روپے کے قرضے فراہم کیے جا چکے ہیں، جون 2027 تک ایس ایم ای شعبے کے قرضوں کا حجم 1,500 ارب روپے اور قرض حاصل کرنے والے کاروباری اداروں کی تعداد 5 لاکھ 65 ہزار کا ہدف مقرر ہے، ایس ایم ایز کو مالی وسائل تک آسان رسائی، جدید ٹیکنالوجی میں سرمایہ کاری اور عالمی منڈیوں میں مسابقت کے قابل بنانے کیلئے اقدامات جاری ہیں

بقیہ 4

کے درمیان زرعی تحقیق، بیج، زرعی ادویات اور جدید ٹیکنالوجی میں تعاون بڑھانے پر تبادلہ خیال کیا۔ وفاقی وزیر رانا تنویر حسین نے کہا کہ پاکستان روس کے ساتھ زرعی شعبے میں ٹیکنالوجی ٹرانسفر اور تحقیق پر مبنی شراکت داری کا خواہاں ہے، روسی زرعی ٹیکنالوجی اور مصنوعات کو پاکستان کے مقامی موسمی اور زرعی حالات میں آزمانا ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ موسمیاتی تبدیلی کے بڑھتے اثرات کے پیش نظر کلائمیٹ ریزیلینٹ زرعی ٹیکنالوجیز پاکستان کی اہم ضرورت ہیں، پاکستان زیادہ پیداوار، خشک سالی اور بیماریوں کے خلاف مزاحمت رکھنے والے بیج کی اقسام کو بڑھانا چاہتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ روس کے ساتھ بیجوں کا تعاون صرف درآمد تک محدود نہیں ہونا چاہئے، مقامی پیداوار اور ٹیکنالوجی ٹرانسفر کو فروغ دینا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے زرعی تحقیقاتی ادارے پی اے آر سی اور این اے آر سی روسی زرعی ٹیکنالوجیز، بیجوں اور زرعی ادویات کی سائنسی جانچ کے لئے اہم پلیٹ فارم فراہم کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ گندم کی بوائی کے سیزن کے پیش نظر روسی بیجوں کے فوری آزمائشی تجربات کے امکانات کا جائزہ لیا جائے گا

بقیہ 5

سربراہ انتونیو گوتریس نے کہا کہ پاکستان نے ایران اور امریکا کے درمیان ثالثی کا بہترین کردار ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے عوام نے موسمیاتی تبدیلیوں کے باعث بڑا نقصان اٹھایا ہے، موسمیاتی تبدیلیوں میں پاکستان کا کردار کم جبکہ متاثر سب سے زیادہ ہے۔ یو این سیکرٹری جنرل نے کہا کہ مشکلات کے دوران ایک دوسرے کو بچا کر ہی خود کو بچایا جا سکتا ہے، ناانصافی اور موسمیاتی تبدیلی سے انسانی مسائل میں اضافہ ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ غزہ میں امن منصوبے کو مکمل طور پر نافذ ہونا چاہیے، پاکستان کی قیادت کو امن کے فروغ کیلئے کردار پر خراج تحسین پیش کرتا ہوں، مصنوعی ذہانت سے ترقی کے ساتھ تفریق بھی بڑھ رہی ہے

بقیہ 6

نشان امتیاز (ملٹری) نے وزارت خارجہ میں ملاقات کی۔ بدھ کو دفتر خارجہ سے جاری بیان کے مطابق نائب وزیراعظم وزیر خارجہ نے جنرل سید عامر رضا کو ترقی اور کمانڈر نیشنل سٹریٹیجک کمانڈ کی ذمہ داریاں سنبھالنے پر مبارکباد دی اور ان کی نئی ذمہ داریوں میں کامیابی کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ ملاقات میں قومی سلامتی سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا گیا اور علاقائی و عالمی صورتحال پر بھی بات چیت ہوئی۔ انہوں نے پاکستان کے قومی مفادات کے فروغ اور علاقائی امن و سلامتی کیلئے ادارہ جاتی سطح پر قریبی روابط اور باہمی تعاون کی اہمیت پر اتفاق کیا۔

بقیہ 7

ہوئی جس میں علاقائی استحکام، مسئلہ کشمیر، سندھ طاس معاہدے اور افغان دہشت گردی پر بات چیت کی گئی۔ آئی ایس پی آر کے مطابق یہ ملاقات جنرل ہیڈ کوارٹرز راولپنڈی میں ہوئی جس میں باہمی دلچسپی کے امور، خطے کی مجموعی سیکیورٹی صورتحال اور عالمی امن و سلامتی کے فروغ میں اقوام متحدہ کے کردار پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران علاقائی استحکام، مسئلہ کشمیر، بھارت کی جانب سے سندھ طاس معاہدے پر عملدرآمد روکنے اور افغانستان سے ہونے والی دہشت گردی کے معاملات بھی زیر بحث آئے

بقیہ 8

الیگزینڈر وولفووچ نے کی۔ آئی ایس پی آر کے مطابق ملاقات کے دوران فریقین نے علاقائی اور عالمی سلامتی کی صورتحال، باہمی دلچسپی کے امور اور دوطرفہ دفاعی تعاون کے موجودہ دائرہ کار پر تبادلہ خیال کیا۔ اس موقع پر فیلڈ مارشل نے بیلاروس کے ساتھ دفاعی اور سیکیورٹی تعاون مضبوط بنانے کی خواہش کا اعادہ کیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق بیلاروس کے وفد نے دفاعی اور سیکیورٹی تعاون کو مزید مستحکم کرنے کے عزم کا اظہار کیا اور علاقائی امن واستحکام کے فروغ میں پاکستان کے کردار کو سراہا۔

بقیہ 9

ثالثی کردار کو دنیا نے سراہا ہے کیونکہ پاکستان نے عالمی سطح پر کشیدگی کم کرنے میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ رانا مشہود احمد نے کہا کہ پاکستان نے ہمیشہ ذمہ دار ریاست کا کردار ادا کیا ہے، پاکستان نے بھارت کے ساتھ کشیدگی میں بھی ذمہ دارانہ رویہ اپنایا اور بھارتی حملے کے جواب میں صرف مخصوص اہداف کو نشانہ بنایا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان نے کشیدگی بڑھانے کے بجائے ذمہ دارانہ رویہ اختیار کیا اور دنیا کو واضح پیغام دیا کہ وہ اپنی دفاعی صلاحیت استعمال کرنے کی بھرپور صلاحیت رکھتا ہے۔ رانا مشہود احمد خاں نے کہا کہ پاکستان کی نوجوان نسل نے ٹیکنالوجی میں دنیا کو اپنی صلاحیت منوادی ہے، وزیراعظم کا ڈیجیٹل یوتھ ہب پاکستان کا پہلا قومی ڈیجیٹل یوتھ پلیٹ فارم ہے، تمام جامعات ایچ ای سی اور متعلقہ اداروں کو ڈیجیٹل یوتھ ہب پر رجسٹر ہونے کی ہدایت کی گئی ہے

بقیہ 10

جی ایس پی پلس سے متعلق بین الاقوامی ذمہ داریوں کی تکمیل کیلئے پرعزم ہے۔ ملاقات میں رانا احسان افضل نے جرمن سفیر کے سامنے پاکستانی باسمتی چاول کے جغرافیائی شناخت کا معاملہ بھی اٹھایا۔ انہوں نے کہا کہ باسمتی کے کاشتکاروں، پروڈیوسرز اور برآمد کنندگان کے مفادات کا تحفظ ضروری ہے۔ رانا احسان افضل کے مطابق پاکستانی باسمتی کے جی آئی کیس کی مضبوط قانونی، تاریخی اور تجارتی بنیادیں ہیں۔ جرمن سفیر نے جغرافیائی شناخت کے موثر تحفظ کو زرعی برآمدات کیلئے اہم قرار دیا۔ جرمن سفیر نے کہا کہ پاکستان میں زراعت، فوڈ پروسیسنگ، ٹیکنالوجی اور مینوفیکچرنگ کے شعبوں میں سرمایہ کاری کے وسیع مواقع ہیں۔ جام کمال خان نے جرمن کمپنیوں کو نومبر میں کراچی میں ہونے والی فوڈ ایگ 2026 میں شرکت کی دعوت دی

بقیہ 11

درمیان مذاکرات اختتام پذیر ہوگئے۔ آئی ایم ایف وفد کے ساتھ بات چیت مثبت انداز میں مکمل ہوئی ہے۔ سرکاری ذرائع کے مطابق پاکستان کی جانب سے آئی ایم ایف پروگرام پر مکمل عملدرآمد کیا جا رہا ہے۔ ذرائع نے بتایا ہے کہ ریونیو میں اضافے اور محصولات کی وصولی بہتر بنانے کے اقدامات کیے جا رہے ہیں، جبکہ نجکاری پروگرام کو بھی تیزی سے آگے بڑھایا جا رہا ہے

بقیہ 12

زور دیا ہے۔ بدھ کو ترجمان وزارت خارجہ کے دفتر سے جاری بیان کے مطابق نائب وزیراعظم وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار سے بیلاروس کے قومی سلامتی کے مشیر لیفٹیننٹ جنرل الیگزینڈر وولفووچ نے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران دونوں فریقوں نے پاکستان اور بیلاروس کے باہمی تعلقات کا جائزہ لیا اور دونوں ممالک کے درمیان تعلقات میں مثبت پیش رفت پر اطمینان کا اظہار کیا۔

بقیہ 13

وزیر خزانہ نے فنانس تک رسائی کے منصوبوں پر عملدرآمد یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ اجلاس میں بریفنگ کے دوران بتایا گیا کہ جون سے ستمبر 2026 تک ایس ایم ای فنانسنگ میں 23 ارب روپے کا اضافہ ہوا، ایس ایم ای فنانسنگ ایک کھرب 13 ارب 70 کروڑ روپے سے تجاوز کر گئی۔ بریفنگ میں یہ بھی بتایا گیا کہ ایس ایم ای فنانسنگ لینے والوں کی تعداد 25 ہزار سے بڑھ کر 3 لاکھ 50 ہزار 862 ہوگئی۔ جون 2028 تک ایس ایم ای فنانسنگ 2 کھرب روپے تک بڑھانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے جبکہ جون 2028 تک ایس ایم ای قرض لینے والوں کی تعداد 7 لاکھ 75 ہزار تک پہنچانے کا ہدف ہے۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ زرعی فنانسنگ میں جون سے ستمبر تک 94 ارب 70 کروڑ روپے کا اضافہ ہوا ہے

بقیہ 14

(AI) پر مبنی جدید ڈیجیٹل بھرتی و اسیسمنٹ سسٹم ProMetriX متعارف کرایا ہے۔ یہ جدید نظام ملازمت کے اشتہار سے لے کر امیدوار کی حتمی تقرری تک بھرتی کے پورے عمل کو ڈیجیٹل اور خودکار بنانے کے ساتھ ساتھ انسانی مداخلت، صوابدیدی اختیارات، اقربا پروری، پرچوں کے افشا ہونے اور امیدواروں کے انتخاب سے متعلق شکوک وشبہات کے خاتمے میں معاون ثابت ہو رہا ہے۔ ProMetriX کے تحت امیدوار پی پی ایچ آئی کے آن لائن پورٹل کے ذریعے درخواستیں جمع کراتے ہیں، جس کے بعد نظام خودکار طور پر محفوظ کیو آر کوڈ پر مشتمل ایڈمیشن سلپ جاری کرتا ہے۔ شارٹ لسٹ ہونے والے امیدواروں کی شناخت اور اسناد کی تصدیق نادرا کے ذریعے کی جاتی ہے، جبکہ تمام امیدواروں کیلئے کمپیوٹر بیسڈ ٹیسٹ بھی لازمی قرار دیا گیا ہے۔ نظام کی ایک اہم خصوصیت روایتی پینل انٹرویو کے طریقہ کار کی جگہ معیاری سوالات پر مشتمل ویڈیو جوابات کا استعمال ہے، جن کا جائزہ مصنوعی ذہانت کے ذریعے لیا جاتا ہے۔ اس طریقہ کار کے ذریعے امیدواروں کی جانچ میں انسانی جانبداری اور غیر ضروری مداخلت کے امکانات کو کم کیا گیا ہے

بقیہ 15

نیا نے کہا ہے کہ ضرورت پڑنے پر دشمن کی جارحیت روکنے کیلئے پیشگی کارروائیاں کی جائیں گی۔ بریگیڈیئر جنرل محمد اکرمی نیا نے کہا کہ مسلح افواج دشمن کی کسی بھی جارحیت یا دراندازی کی صورت میں پیشگی کارروائی کرنے کی صلاحیت رکھتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایرانی فوج طویل جنگ کیلئے مکمل طور پر تیار ہے اور فوج کے ذخائر کو مضبوط بنا دیا گیا ہے۔ ایرانی فوج کے ترجمان کے مطابق میزائلوں اور ڈرونز کی تیاری کا سلسلہ جاری ہے، جبکہ جنگی طیاروں اور ہیلی کاپٹروں کے پرزہ جات بھی ملک میں تیار کیے جا رہے ہیں۔ بریگیڈیئر جنرل محمد اکرمی نیا نے مزید کہا کہ ایران میں بحری جہازوں اور فضائی دفاعی نظام کی تیاری بھی جاری ہے۔

بقیہ 16

جنرل احمد شریف چوہدری نے بتایا کہ مکہ معاہدے کے تحت سعودی عرب میں موجود پاکستانی دستے مختلف ڈومینز سے تعلق رکھتے ہیں۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے کہا کہ پاکستان اور سعودی عرب کے دفاعی تعاون کا سلسلہ طویل عرصے سے جاری ہے، جبکہ مکہ معاہدے کے تحت دونوں ممالک کے درمیان دفاعی روابط کو مزید تقویت ملی ہے۔

بقیہ 17

چارج شیٹ جاری کردی۔ چارج شیٹ کے مطابق اشفاق اشرف نے سابق فوجی افسر سے سرمایہ کاری کے نام پر 5 کروڑ روپے ہڑپ کیے۔ اسپیکر کے مشیر محمد مشتاق کا نام مبینہ طور پر استعمال کر کے کروڑوں روپے کے فراڈ کا بھی الزام ہے۔ جعلی انویسٹمنٹ سکیم کے تحت ماہانہ 10 فیصد منافع کا جھانسہ دے کر کروڑوں روپے بٹورنے کا بھی الزام عائد کیا گیا ہے۔ قومی اسمبلی کے ایڈیشنل سارجنٹ ایٹ آرمز بھی مبینہ فراڈ کا شکار بنے۔ چارج شیٹ کے مطابق بیٹے کو برطانیہ کا ورک ویزا دلوانے کا جھانسہ دے کر اٹھائیس لاکھ روپے وصول کیے گئے۔ پارلیمنٹ کے سیکیورٹی اہلکار بھی مبینہ طور پر مالی معاملات میں نشانے پر رہے۔ من پسند ڈیوٹی کے عوض ماہانہ 30 ہزار روپے بھتہ وصول کرنے، غیر حاضری کے باوجود حاضری لگانے اور اہلکاروں سے ماہانہ 30 ہزار روپے کے سگریٹ اور دو لاکھ روپے پٹرول کی مد میں رقم وصول کرنے کے الزامات بھی چارج شیٹ میں شامل ہیں۔ سپیکر قومی اسمبلی نے اشفاق اشرف کے خلاف تحقیقات کا حکم دے دیا۔ ایڈیشنل سیکرٹری حسین رضا زیدی کو انکوائری افسر مقرر کرتے ہوئے سات روز میں رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔

بقیہ 18

کمیشن کی رکنیت سے استعفیٰ دے دیا تھا۔ ذرائع نے بتایا ہے کہ بلاول بھٹو زرداری کی جوڈیشل کمیشن کی نامزدگی کا نوٹیفکیشن جلد جاری ہوجائے گا۔ اس سے قبل فاروق ایچ نائیک نے نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ جوڈیشل کمیشن سے استعفیٰ ذاتی وجوہات پر دے رہا ہوں، اپنا استعفیٰ چیئرمین کمیشن کو بھجوا دیا۔ جوڈیشل کمیشن آف پاکستان اعلیٰ عدلیہ کے ججز کی تعیناتی کا فورم ہے، فاروق ایچ نائیک کمیشن میں پی پی پی کی جانب سے ممبر مقرر تھے۔ بعدازاں مسلم لیگ (ن) کے رکن آفتاب شیخ نے بھی جوڈیشل کمیشن سے استعفیٰ دے دیا تھا۔ ذرائع نے بتایا ہے کہ جوڈیشل کمیشن کے ارکان کی نامزدگی سینیٹ اور قومی اسمبلی سے جلد کر دی جائے گی۔ ن لیگ کا سینیٹ سے جبکہ پیپلز پارٹی کا قومی اسمبلی سے رکن بطور جوڈیشل کمیشن رکن نامزد کیا جائے گا۔

بقیہ 19

گاہ پہنچے، جہاں انہوں نے مولانا فضل الرحمان کو اپوزیشن سے مذاکرات کی تفصیلات سے آگاہ کیا۔ ایاز صادق نے کہا کہ بطور سہولت کار مذاکرات کی کامیابی کی بھرپور کوشش کی، اب بھی اپنی کوششیں جاری رکھوں گا۔ حکومتی مذاکراتی کمیٹی کے اراکین رانا ثناء اللہ اور طارق فضل چوہدری بھی مولانا فضل الرحمان کے گھر پہنچے۔ ذرائع کے مطابق مولانا فضل الرحمان نے مذاکرات کے ذریعے مسائل کے حل پر زور دیا۔

بقیہ 20

کیا۔ وفد کے مطابق یوتھ لیڈرز پارلیمنٹ کا ڈھانچہ پاکستان کی منتخب پارلیمنٹ کی طرز پر تشکیل دیا گیا ہے جس کا مقصد نوجوانوں کو پارلیمانی طریقہ کار، قانون سازی، بحث و مباحثے اور جمہوری اداروں کے کام سے عملی طور پر آگاہ کرنا ہے۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے گورنر بلوچستان نے کہا کہ نوجوان ملک کا قیمتی سرمایہ ہیں اور انہیں فیصلہ سازی، جمہوری اقدار اور پارلیمانی نظام کے بارے میں آگاہی فراہم کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ نوجوانوں کو سیاسی و سماجی معاملات پر مثبت اور تعمیری مکالمے کے مواقع فراہم کیے جاتے ہیں تاکہ وہ مستقبل میں ذمہ دار شہری اور مدبرانہ قیادت کے کردار ادا کر سکیں۔ گورنر نے یوتھ لیڈرز پارلیمنٹ کو ہدایت کی کہ بلوچستان بھر میں اس پلیٹ فارم کو مزید فعال اور متحرک بنایا جائے اور اس کے دائرہ کار کو صوبے کے مختلف اضلاع تک وسعت دی جائے۔ انہوں نے نوجوانوں میں قیادت، تحقیق، مکالمے، تنقیدی سوچ اور مسئلہ حل کرنے کی صلاحیتوں کے فروغ کیلئے تربیتی پروگرام، مباحثے، موک سیشن اور مطالعاتی سرگرمیاں منعقد کرنے پر بھی زور دیا۔

بقیہ 21

عبدالقادر نے کہا ہے کہ خطے میں جاری غیر یقینی صورتحال، عالمی منڈی کے دباؤ اور بڑھتی ہوئی پیداواری لاگت کے باوجود پاکستان کی ٹیکسٹائل برآمدات میں نمایاں اضافہ ملکی معیشت کیلئے حوصلہ افزا پیشرفت ہے۔ رواں سال کی پہلی سہ ماہی میں ٹیکسٹائل برآمدات 6.51 فیصد اضافے کے ساتھ 5 ارب 14 کروڑ ڈالر تک پہنچ گئی ہیں۔ گزشتہ سال اسی مدت میں یہ حجم 4 ارب 83 کروڑ ڈالر تھا۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ ستمبر 2026 میں بھی ٹیکسٹائل برآمدات کو مثبت رجحان برقرار رکھا۔ اس ماہ برآمدات سالانہ بنیادوں پر 8.63 فیصد جبکہ ماہانہ بنیادوں پر 6.81 فیصد بڑھ کر ایک ارب 79 کروڑ 90 لاکھ ڈالر ہوگئیں۔ یہ حجم ایک ارب 60 کروڑ جبکہ ستمبر 2025 میں ایک ارب 57 کروڑ 30 لاکھ ڈالر تھا۔ نامساعد حالات کے باوجود پاکستانی ٹیکسٹائل مصنوعات عالمی منڈی میں اپنی جگہ برقرار رکھے ہوئے ہیں۔ سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا کہ ٹیکسٹائل شعبہ پاکستان کیلئے محض ایک برآمدی صنعت نہیں بلکہ روزگار، صنعتی سرگرمی، زرعی معیشت اور زرمبادلہ کے حصول کا بنیادی ذریعہ ہے۔

بقیہ 22

کورٹ نے خلع کے مقدمہ میں پشاور ہائیکورٹ کے فیصلے کیخلاف 2 خواتین کی اپیلوں پر فیصلہ جاری کیا، جسٹس شاہد وحید کی سربراہی میں 5 رکنی بینچ نے تحریری فیصلہ جاری کر دیا۔ عدالت نے دونوں خواتین کے نکاح کی تنسیخ خلع کے بجائے ظلم و زیادتی کی بنیاد پر برقرار رکھتے ہوئے حق مہر واپس کرنے یا چھوڑنے کی ہدایات کالعدم قرار دیتے ہوئے دونوں مقدمات میں نان نفقہ اور جہیز کے سامان سے متعلق فیصلے برقرار رکھے۔ سپریم کورٹ نے کہا کہ ظلم و زیادتی ثابت نہ ہونے پر عدالت خاتون کی جانب سے خود خلع کا انتخاب نہیں کر سکتی، خلع اور قانون کے تحت تنسیخ نکاح الگ راستے ہیں، مالی نتائج بھی مختلف ہیں، غیر رضا کارانہ خلع کے ذریعے خاتون کو حق مہر سے محروم نہیں کیا جا سکتا، سنگین اور مسلسل ازدواجی اختلاف، مصالحت ناکام ہونا شقاق کی بنیاد بن سکتا ہے، شقاق مسلم قانون میں تسلیم شدہ بنیاد ہے، دفعہ 2 کی شق ! کے تحت نکاح ختم ہو سکتا ہے۔

بقیہ 23

نتیجے میں 3 افراد شوکت، باقر اور ظفر زخمی ہوگئے دھماکے کی اطلاع ملتے ہی پولیس اور سیکیورٹی فورسز کی بھاری نفری موقع پر پہنچ گئی اور زخمیوں کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا زخمی ہونے والے افراد کا تعلق کشمور سے بتایا جاتا ہے۔ دھماکے کے بعد پولیس اور سیکیورٹی فورسز نے جائے وقوعہ کو سیل کر کے تحقیقات شروع کر دیں۔

بقیہ 24

دہشت گردی سے مکمل لاتعلقی اور مجرمانہ بے حسی جاری ہے، بس بہت ہوگیا۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی کی صوبائی حکومت نام نہاد ناکام سیاسی لانگ مارچ کیلئے سڑکوں پر گھوم رہی ہے جبکہ ان کے سہولت کاروں نے اسی دوران خیبر پختونخوا کے لوگوں کے خلاف ایک تازہ دہشت گردی کی لہر شروع کر دی ہے، 6 اکتوبر کو ڈی آئی خان میں دہشت گردوں نے ایک بار پھر 5 بے گناہ افراد کو موت کے گھاٹ اتار دیا، جاں بحق 5 افراد میں سے دو کسٹم اہلکار تھے۔ خواجہ آصف نے کہا کہ اس سنجیدہ معاملے سے مکمل بے حس، پوری صوبائی کابینہ، وزیر اعلیٰ سمیت اپنے سیاسی ناکام لانگ مارچ میں پوری طرح مشغول ہے، ان بے حس اور بے شرم لوگوں نے ہمیشہ کی طرح ڈی آئی خان میں ان 5 افراد کے بے گناہ قتل کو بھی پہلے کی طرح کوئی مذمت نہیں کی، سوگوار خاندانوں سے کوئی تعزیت نہیں کی، ان کے جنازے نہیں پڑھے یا کم از کم دکھانے کی حد تک ہی سہی ان کے گھروں تک جا کر افسوس نہیں کیا۔ پی ٹی آئی پر تنقید کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ یہ کسی بھی اعتبار سے ناقابل معافی ہے بدقسمتی سے، اس کے برعکس، وزیر اعلیٰ نے رات گئے آئی جی پولیس اور چیف سیکرٹری خیبر پختونخوا کو اپنی پارٹی کے کہنے پر گورنر کی سیکورٹی میٹنگ میں شرکت سے آج سرزنش کرنے کیلئے اجلاس بلا رکھا ہے۔

بقیہ 25

کرنے پر سیکورٹی فورسز کو زبردست خراج تحسین پیش کیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مستونگ میں سیکورٹی فورسز کی دہشت گردوں کے خلاف کامیاب آپریشن قابل تحسین ہے، کارروائی کے دوران متعدد دہشت گردوں کو انجام تک پہنچایا گیا جبکہ ہلاک دہشت گردوں کے قبضے سے اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد ہوا۔ بابر یوسفزئی نے کہا کہ سیکورٹی فورسز کی بروقت کارروائی نے دہشت گرد عناصر کی کارروائی کی کوشش کو ناکام بنا دی، مستونگ کے مختلف علاقوں میں سرچ اور کلیئرنس آپریشن کا سلسلہ جاری ہے۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردوں کے مکمل خاتمے تک سیکورٹی فورسز کی کارروائیاں جاری رہیں گی، بلوچستان میں امن وامان کے قیام کیلئے سیکیورٹی فورسز کی مسلسل کارروائیاں قابل قدر ہیں۔

بقیہ 26

میں بتایا ہے کہ مشرق وسطی اور شمالی افریقہ کے غریبوں کا نصف پاکستان میں رہتا ہے۔ رپورٹ کے مطابق پاکستان میں غریب یومیہ 3 ڈالر سے بھی کم کماتے ہیں، طویل اقتصادی اصلاحات سے حقیقی گھریلو آمدنی کم ہوئی۔ ورلڈ بینک کی رپورٹ میں بتایا گیا کہ اس سے ملک میں غربت میں اضافہ ہوا، روزگار کے مواقع بھی کم ہو گئے اور غربت کی شرح بڑھ گئی ہے۔ رپورٹ کے مطابق پاکستان خطے کے 48 فیصد غریبوں کا گھر ہے، یومیہ خط غربت 3 ڈالر مقرر ہے جو تقریباً 840 روپے بنتے ہیں، 3 ڈالر والی لائن میں اضافہ 6 اعشاریہ 4 فیصد جبکہ 4 اعشاریہ 2 ڈالر والی لائن پر یہ 3 اعشاریہ 2 فیصد رہا

بقیہ 27

سے کیے جانے والے اقدامات، امن وامان کی صورتحال میں بہتری، عوام کو ریلیف کی فراہمی اور مختلف ترقیاتی منصوبوں پر بھی گفتگو ہوئی۔ قائم مقام چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر نے کہا کہ بلوچستان ملک کا ایک اہم مگر نسبتاً پسماندہ صوبہ ہے، اس لیے صوبے کی پائیدار ترقی، خوشحالی اور عوامی فلاح موجودہ حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے عوام باصلاحیت، محنتی اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں سے مالا مال ہیں، جبکہ صوبہ قدرتی وسائل اور معدنی ذخائر سے بھی بھرپور ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے قدرتی وسائل کو مؤثر، شفاف اور بہتر انداز میں بروئے کار لاتے ہوئے صوبے کے عوام کی معاشی وسماجی ترقی اور خوشحالی کو یقینی بنایا جا سکتا ہے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ وسائل کے استفادہ کرتے ہوئے مقامی آبادی کو ترقی کے عمل میں زیادہ سے زیادہ شریک کیا جائے۔ سیدال خان ناصر نے کہا کہ بلوچستان میں امن وامان کی بہتری کیلئے موجودہ حکومت عسکری قیادت کے تعاون سے مؤثر اقدامات کر رہی ہے

بقیہ 28

، مذاکرات ختم ہونے کے بعد باہر آ کر بیانات بڑا غلط عمل تھا اس سے اعتماد کو ٹھیس پہنچی ہے، ملک، قوم اور جمہوریت کیلئے مذاکرات کا کامیاب ہونا بڑا ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس وقت صوبے کے حالات بڑے سنگین ہیں ملک اس وقت غیر آئینی، غیر قانونی اور عوام کی مرضی کے بغیر صورتحال کا متحمل نہیں ہو سکتا، ہر حال میں مذاکرات کے ذریعے بہتری کی طرف جانا چاہیے، گورنر راج، ایمرجنسی نہیں ہونی چاہیے، چیزیں اچھے طریقے سے حل ہونی چاہئیں، ہمارے مطالبات بہت سادہ تھے، بانی سے ملاقات، بشریٰ بی بی سے ملاقات، بانی پی ٹی آئی کی بلڈ پریشر اور ان کے ڈاکٹر کی ملاقات میں چلتے چلتے ذکر ہوا تھا یہ کہنا مناسب نہیں کہ باہر جا کر بتانے سے منع کیا گیا تھا

بقیہ 29

کا اظہار انہوں نے 7 اکتوبر 1983 کے شہدا جمہوریت اور 11 اکتوبر 1991 کے شہدا وطن کی برسی کے موقع پر بازار محمد شہید گراؤنڈ ژوب میں پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے زیر اہتمام ایک بڑے جلسہ عام سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ محمود خان اچکزئی نے کہا کہ اگر مذاکرات میں دوسرا فریق اپنے قائدین اور دیگر لوگوں سے مشاورت کرتا ہے تو پی ٹی آئی اور اپوزیشن کو بھی یہ حق حاصل ہے کہ وہ عمران خان سے ملاقات کر کے ان سے مشاورت کریں۔ انہوں نے کہا کہ جب تک میری عمران خان سے ملاقات نہیں ہوتی، میں کسی مذاکرات کا حصہ نہیں بنوں گا۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان اور ان کی جماعت نے مجھ پر اعتماد کیا ہے اور میں اس اعتماد پر پورا اترنے کی ہر ممکن کوشش کروں گا، تاہم مجھ میں یہ ہمت بھی ہونی چاہیے کہ جو صحیح ہو اسے صحیح اور جو غلط ہو اسے غلط کہہ سکوں۔ حکومت عمران خان سے ہماری ملاقات سے کیوں خوف زدہ ہے؟ محمود خان اچکزئی نے خبردار کیا کہ خیبر پختونخوا میں گورنر راج یا ایمرجنسی کے نفاذ کے سنگین سیاسی نتائج ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ "آپ گورنر راج لگائیں، ہم عوامی راج کا اعلان کر کے ہر ضلع میں احتجاج کریں گے۔" انہوں نے کہا حالات ایسے بنائے کہ سہیل آفریدی کے پاس اب آگے بڑھنے کے سوا کوئی راستہ نہیں بچا۔ محمود خان اچکزئی نے کہا کہ عمران خان کی حکومت کے خلاف عدم اعتماد کی تحریک لائی گئی، بعدازاں انہیں گرفتار کر کے جیل میں ڈال دیا گیا، ان کی جماعت سے انتخابی نشان بھی لے لیا گیا، لیکن اس کے باوجود عوام نے انہیں اپنا مینڈیٹ دیا۔ فارم زیرو اور زر کے ذریعے ان سے ان کا جیتا ہوا مینڈیٹ چھین لیا گیا۔ محمود خان اچکزئی نے سوال کیا کہ "اس چوری کے مینڈیٹ کے نتیجے میں آنے والی حکومت کیسے جائز ہو سکتی ہے؟" انہوں نے کہا کہ طاقتور حلقوں نے عمران خان کو توڑنے کی ہر ممکن کوشش کی، لیکن اللہ کے فضل سے وہ اب تک ڈٹے ہوئے ہیں

بقیہ 30

کے بعد حتمی کیے جائیں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے وفاقی کمیٹی برائے زراعت کے ربیع سیزن کے 27 ویں اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں ربیع سیزن کی فصلوں کے اہداف اور خریف سیزن کی فصلوں کی کارکردگی کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں صوبائی محکمہ ہائے زراعت، سٹیٹ بینک آف پاکستان، زرعی ترقیاتی بینک لمیٹڈ، محکمہ موسمیات پاکستان، انڈس ریور سسٹم اتھارٹی، وزارت قومی غذائی تحفظ و تحقیق کے اعلیٰ افسران، پاکستان زرعی تحقیقاتی کونسل کے چیئرمین، وفاقی محکمہ تصدیق و رجسٹریشن بیج، پاکستان آئل سیڈ ڈیپارٹمنٹ اور دیگر اداروں کے نمائندوں نے شرکت کی

بقیہ 31

یا انہیں شدید نقصان پہنچا ہے جس کے باعث وہ کسی کام کے نہیں رہے ہیں، اس نقصان کی مجموعی مالیت تقریباً 3.3 ارب ڈالر بنتی ہے۔ کانگریشنل ریسرچ سروس کی نئی رپورٹ کے مطابق امریکی نقصانات میں جدید جنگی طیاروں کے ساتھ نگرانی، ایندھن بھرنے اور بغیر پائلٹ کے طیارے بھی شامل ہیں۔ رپورٹ میں تصدیق کی گئی ہے کہ امریکا نے اس جنگ میں ایک درجن ایف-15 ای، ایک ایف-35 اے، 2 اے-10 اور کے سی-135 طیارے کھوئے ہیں۔ رپورٹ میں بتایا گیا کہ 2 مارچ کو کویت کے اوپر اپنے ہی طیاروں کی فائرنگ سے ایف-15 کے تین طیارے تباہ ہوئے جبکہ اگلے ماہ ایران کے اوپر ایک اور ایف-15 مار گرایا گیا۔ ان کے علاوہ اردن کے موفق السلطی ایئر بیس پر 9 اور 10 ستمبر کو ایرانی حملوں کے دوران کم از کم آٹھ دیگر ایف-15 طیاروں کو معمولی نقصان پہنچا

بقیہ 32

کہ بیٹے کی پیدائش کے وقت آپریشن تھیٹر اسرائیلی بمباری کی آوازوں سے لرز رہا تھا۔ ال العبادیہ نے بی بی سی کو بتایا کہ یہ ان کی زندگی کا سب سے خوفناک دن تھا۔ اسرائیلی حملوں کے دوران انہوں نے محمد کو جنم دیا اور بمباری کی آوازوں سے آپریشن تھیٹر لرز رہا تھا۔ ال کے مطابق ان کی روزمرہ زندگی مسلسل مشکلات کا سامنا کرنے میں گزر رہی ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ ہر صبح یہ سوچ کر آنکھ کھلتی ہے کہ آیا وہ دن گزار پائیں گے، کھانے کو کیا ملے گا اور کیا آج پانی کا ٹرک آئے گا۔

بقیہ 33

خطاب کرتے ہوئے کہا کہ وفاقی حکومت کے تعاون سے 12 ملین کی لاگت سے شپ بریکنگ انڈسٹری کی ماڈرنائزیشن پراجیکٹ پر کام جاری ہے ہانگ کانگ کنونشن کے تحت شپ بریکنگ انڈسٹری کی ماڈرنائزیشن کا عمل تیزی سے آگے بڑھ رہا ہے۔ آج کی یہ تقریب ہمارے لیے ایک تاریخی اور فخر کا لمحہ ہے کہ پاکستان اور آئی ایل او کے مابین گڈانی شپ بریکنگ انڈسٹری کی ماڈرنائزیشن کے لئے معاہدے پر دستخط کے بعد شپ ری سائیکلرز کی جانب سے HKC کمپلائنس سرٹیفکیشن کیلئے پاکستان کی پانچ کمپنیز کو سرٹیفکیشن کا اجراء ایک نئے دور کے آغاز کی علامت ہے یہ صرف ایک کامیابی نہیں بلکہ ریاست کے تمام اسٹیک ہولڈرز کے عزم کی عکاسی کرتا ہے تقریب سے صوبائی وزیر منصوبہ بندی و ترقیات ظہور بلیدی ایڈیشنل سیکرٹری ترقیات زاہد سلیم نے اپنے خطاب میں کہا کہ ہانگ کانگ کنونشن کے تحت شپ ری سائیکلنگ اور گرین یارڈ کی جانب ہم بڑھ رہے ہیں اور گڈانی کے پانچ نمایاں کمپنیز نے شپ ری سائیکلنگ کے تقاضے کو سمجھتے ہوئے اپنی صنعت کو پائیدار، محفوظ اور بین الاقوامی سطح پر قابل قبول بنانے کا جو اعزاز حاصل کیا ہے یہ نہ صرف پاکستان کی کامیابی ہے بلکہ یہ وژن ہے جس کے تحت PSBA اور Bureau Veritas نے ہاتھ ملایا ہے، Hong Kong International Convention for the Safe and Environmentally Sound Recycling of Ships کے اصولوں کے مطابق اپنی شپ یارڈز کو سرٹیفائیڈ کروایا ہے۔ میر ظہور بلیدی نے کہا کہ آج کا دن اس بات کی گواہی دیتا ہے کہ پاکستان کی شپ ری سائیکلنگ انڈسٹری نہ صرف بیدار ہو چکی ہے بلکہ تیار ہے بین الاقوامی معیار اپنانے، اپنی ساکھ بہتر بنانے، اور عالمی مارکیٹ میں مقابلہ کرنے کیلئے انہوں نے کہا کہ حکومت پاکستان، وزارت میری ٹائم افیئرز، اور تمام ریگولیٹری ادارے بلوچستان اکنامی سیکٹر کیلئے ہمیشہ ایک پیج پر رہیں گے

بقیہ 34

متعلقہ حکام کی جانب سے بریفنگ بھی دی گئی۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر مہر اللہ بادینی نے پولیو مہم کے دوران پیش آنے والے مسائل اور خامیوں کی نشاندہی کرتے ہوئے ہدایت کی کہ آئندہ مہم میں ان کے تدارک کیلئے مؤثر اقدامات یقینی بنائے جائیں۔ انہوں نے زیرو ڈوز بچوں تک رسائی، ٹیموں کی کارکردگی اور مانیٹرنگ کے نظام کو مزید مؤثر بنانے پر بھی زور دیا

بقیہ 35

کے صوبائی صدر چیئرمین اسلم بلوچ کی رہائش گاہ پر چیئرمین اسلم بلوچ اور نیشنل پارٹی ضلع کوئٹہ کے صدر حاجی عطاء محمد بنگلزئی سے ملاقات کرتے ہوئے کی۔ اس موقع پر نیشنل پارٹی کے صوبائی ورکنگ کمیٹی کے رکن مشکور انور، اعزاز اسلم اور سلمان ساسولی بھی موجود تھے ڈاکٹر مالک بلوچ نے کہا کہ نیشنل پارٹی نے ہمیشہ اپنے عوام کے بنیادی مسائل کو مثبت سیاسی سوچ کے ساتھ اجاگر کرتے ہوئے قومی مفادات کو ترجیح دی

بقیہ 36

سے تفصیلی گفتگو کی گئی۔ اس موقع پر بی ای ایف اسکالرشپ پروگرام کے حوالے سے ضلع گوادر کے طلبا و طالبات میں بھرپور آگاہی پیدا کرنے اور زیادہ سے زیادہ مستحق طلباء کو اسکالرشپ کے حصول کے مواقع فراہم کرنے پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے گوادر کی معروف تعلیمی شخصیت ناصر سہرابی سے درخواست کی کہ تعلیم کے شعبے میں ان کے وسیع تجربے کو بروئے کار لاتے ہوئے ڈی ای او گوادر کے ساتھ مل کر ایسا مؤثر طریقہ کار وضع کیا جائے جس کے ذریعے ضلع بھر کے طلباء و طالبات کو بی ای ایف اسکالرشپ پروگرام کے طریقہ کار، مختلف کیٹیگریز، اہلیت اور دیگر متعلقہ امور سے مکمل آگاہی فراہم کی جا سکے تاکہ زیادہ سے زیادہ مستحق طلباء اس سہولت سے فائدہ اٹھا سکیں۔ ملاقات میں اس بات پر اتفاق کیا گیا کہ طلباء و طالبات کو اسکالرشپ کے حصول کے طریقہ کار اور اہلیت کے حوالے سے بروقت آگاہی فراہم کی جائے، تاکہ اہل اور مستحق طلباء مقررہ وقت کے اندر اپنی درخواستیں جمع کرا سکیں۔

بقیہ 37

خادم حسین مگسی جبکہ جھل مگسی میں کام کرنے والی مختلف آرگنائزیشنز کے فوکل پرسن سیف اللہ لاسکانی مگسی سمیت دیگر متعلقہ افسران و نمائندگان نے شرکت کی اس موقع پر متعلقہ افسران اور تنظیموں کے نمائندگان نے اپنے اپنے محکموں اور اداروں کی مجموعی کارکردگی کی جاری ترقیاتی و فلاحی منصوبوں عوام کو فراہم کی جانے والی سہولیات اور مستقبل کے لائحہ عمل کے حوالے سے ڈپٹی کمشنر سید رحمت اللہ شاہ کو تفصیلی بریفنگ دی انہوں نے جاری منصوبوں پر پیش رفت درپیش مسائل اور ان کے حل کیلئے کیے جانے والے اقدامات سے بھی آگاہ کیا ڈپٹی کمشنر سید رحمت اللہ شاہ نے افسران کو ہدایت کی کہ ضلع میں جاری تمام ترقیاتی اور فلاحی منصوبوں کی بروقت تکمیل کے ساتھ ساتھ تعمیراتی کاموں کے معیار پر بھی خصوصی توجہ دی جائے

بقیہ 38

ترسیل، ٹرانزٹ تجارت، سٹرکچر لنکس اور تجارتی طریقہ کار سے متعلق امور کا جائزہ لیتے ہوئے گوادر پورٹ اور ایران کے درمیان ہموار اور مؤثر تجارتی راہداری کے قیام پر مختلف تجاویز زیر غور آئیں۔ چیئرمین پورٹ نے اس موقع پر کہا کہ گوادر پورٹ کے ذریعے ٹرانزٹ تجارت اور سرحدی تجارتی سرگرمیوں کو مزید فعال بنانے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ تجارتی عمل میں سہولت، شفافیت اور مؤثر رابطہ کاری سے کاروباری سرگرمیوں کو فروغ دیا جا سکتا ہے۔

بقیہ 39

خان بلوچ اور صفائی عملے کی خدمات و کاوشوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ شہری علاقوں میں صفائی کے بہتر انتظامات قابل تحسین اقدام ہیں۔

بقیہ 40

معاملات میں ہر ممکن سہولت فراہم کی جائے اور شہریوں کو بلاوجہ مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ انہوں نے سرکاری ریکارڈ کو مکمل، درست اور اپ ڈیٹ رکھنے، زیر التواء کیسز کو ترجیحی بنیادوں پر نمٹانے اور عوامی شکایات کے بروقت ازالہ یقینی بنانے پر زور دیا انہوں نے کہا کہ محکمہ مال براہ راست عوام سے متعلق اہم شعبہ ہے، اس لئے تمام افسران و اہلکار اپنی ذمہ داریاں فرض شناسی، ایمانداری، شفافیت اور میرٹ کے تقاضوں کے مطابق انجام دیں۔ ریونیو امور میں غیر ضروری تاخیر کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی جبکہ عوام کو مؤثر اور بہتر خدمات کی فراہمی اولین ترجیح ہونی چاہیے اجلاس میں اسسٹنٹ کمشنر پشتر اسرار احمد بھی شریک تھے

بقیہ 41

ہی جاں بحق ہو چکا تھا جبکہ ایک شدید زخمی مریض کو انتہائی تشویشناک حالت میں ہسپتال لایا گیا۔ مذکورہ مریض کی حالت گسپنگ کنڈیشن میں تھی، جسے ہسپتال میں ابتدائی طبی امداد اور ضروری طبی اقدامات فراہم کرنے کے بعد مزید بہتر اور خصوصی طبی سہولیات کیلئے اعلیٰ مرکز صحت ریفر کر دیا گیا انہوں نے بتایا کہ حادثے کے نتیجے میں 2 مریضوں کے بازو کی ہڈیوں میں فریکچر ہوئے جنہیں ہسپتال میں فوری طبی امداد فراہم کی گئی اور ان کی حالت کو مسلسل مانیٹر کیا جا رہا ہے اسی طرح 8 زخمی مریضوں کو درمیانے درجے کی چوٹیں آئیں۔

بقیہ 42

کے سربراہان اور افسران نے شرکت کی، جبکہ تحصیل ماجھوئی کے مختلف علاقوں سے عوام کی بڑی تعداد نے شرکت کر کے اپنے مسائل اور مشکلات سے ضلعی انتظامیہ کو آگاہ کیا کھلی کچہری کے دوران شہریوں نے اپنے مسائل زبانی اور تحریری طور پر ڈپٹی کمشنر نصیر آباد اور متعلقہ افسران کے سامنے پیش کیے عوام کی جانب سے بالخصوص زراعت، تعلیم، صحت، بجلی کی فراہمی سڑکوں اور دیگر بنیادی سہولیات ترقیاتی منصوبوں پینے کے پانی اور دیگر عوامی نوعیت کے مسائل کی نشاندہی کی گئی ڈپٹی کمشنر نصیر آباد دوربند علی نے عوام کی جانب سے پیش کیے گئے مسائل اور شکایات کو توجہ سے سنا اور متعلقہ محکموں کے افسران کو ہدایت کی کہ عوامی مسائل کے حل کیلئے فوری اور مؤثر اقدامات اٹھائے جائیں

بقیہ 43

اسکول عیشانی، گورنمنٹ بوائز ہائی اسکول عیشانی اور گورنمنٹ گرلز ہائی اسکول گڈانی رحمنی کا معائنہ کیا۔ دورے کے دوران طویل عرصے سے غیر حاضر اور فرائض میں غفلت برتنے والے ٹیچنگ و نان ٹیچنگ اسٹاف کے خلاف موقع پر ہی معطلی کے احکامات اور شوکاز نوٹس جاری کیے گئے۔ بعدازاں ڈاکٹر سلیم زرکون نے ایڈیشنل کمشنر کوسلیمان ڈویژن عبدالباسط بزدار سے ملاقات کی، جس میں ضلع کوہلو کے تعلیمی شعبے سے متعلق اہم مسائل اور شکایات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں بالخصوص کنٹریکٹ اساتذہ کی مبینہ جعلی اسناد کے معاملے سمیت دیگر انتظامی امور کا جائزہ لیا گیا

بقیہ 44

افسران، اہلکاروں اور شہریوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ ریلی کے شرکاء نے قومی پرچم اٹھا رکھے تھے اور پاکستان زندہ باد، پاک فوج زندہ باد کے فلک شگاف نعرے لگاتے ہوئے قومی یکجہتی اور حب الوطنی کے جذبے کا بھرپور اظہار کیا۔ ریلی کے دوران شہر کی فضائیں جوش و جذبے سے گونجتی رہیں، جبکہ شرکاء نے ملک کی سلامتی، خودمختاری، امن اور استحکام کیلئے اپنے عزم کا اظہار کیا۔ اس موقع پر ضلعی انتظامیہ کے افسران نے کہا کہ پاکستان کی سلامتی اور دفاع کیلئے پاک فوج کی قربانیاں اور خدمات قابل تحسین ہیں۔ پاک فوج نے ہمیشہ ملک کے دفاع اور قومی سلامتی کیلئے مثالی کردار ادا کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پوری قوم اپنی بہادر افواج کے ساتھ کھڑی ہے اور ملکی دفاع کیلئے کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کیا جائے گا۔ شرکاء نے اس عزم کا اظہار کیا کہ وطن عزیز کی سلامتی، امن اور ترقی کیلئے ہر فرد اپنا مثبت کردار ادا کرے گا۔

بقیہ 45

اہتمام شکر اللہ آرٹ گیلری میں منعقدہ "بیاد رحیمہ بانو" آرٹ مقابلے سے خطاب کر رہے تھے۔ یہ آرٹ مقابلہ مرحومہ رحیمہ بانو، سابق ہیڈ مسٹریس بخشی گرلز اسکول گوادر کی خدمات کو خراج عقیدت پیش کرنے کیلئے ان کے نام سے منسوب کیا گیا، جس میں گوادر کے مختلف سرکاری و نجی اسکولوں کے طلبہ و طالبات نے بھرپور شرکت کی۔ ایجوکیشن آفیسر نے جیوز کی جانب سے طلبہ کی حوصلہ افزائی اور آرٹ مقابلے و نمائش کے انعقاد کو سراہتے ہوئے کہا کہ ایسی سرگرمیاں نوجوانوں کو اپنی صلاحیتیں اجاگر کرنے، تخلیقی سوچ کو فروغ دینے اور فن کے میدان میں آگے بڑھنے کے مواقع فراہم کرتی ہیں۔ جیوز کے صدر کے پی فراق نے کہا کہ جیوز گوادر کے نوجوانوں کی حوصلہ افزائی اور ان کی تخلیقی صلاحیتوں کو اجاگر کرنے کیلئے آرٹ نمائشوں، ورکشاپس اور دیگر فنی و تعلیمی سرگرمیوں کا سلسلہ جاری رکھے ہوئے ہے۔ انہوں نے کہا کہ مستقبل میں بھی طلبہ و طالبات کیلئے ایسی سرگرمیوں کا انعقاد جاری رکھا جائے گا

بقیہ 46

کھلاڑی حصہ نثار کیلئے ماہانہ وظیفہ جاری کرنے کے احکامات دیے تاکہ انہیں تعلیم کے حصول میں مالی مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے اور وہ کھیل کے ساتھ اپنی تعلیم بھی جاری رکھ سکیں۔ بعدازاں ڈپٹی کمشنر گوادر نقیب اللہ کاکڑ نے حصہ نثار کو وظیفے کے احکامات حوالے کیے۔ اس موقع پر کہا گیا کہ حکومت بلوچستان نوجوان کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی اور ان کے روشن مستقبل کیلئے ہر ممکن معاونت فراہم کر رہی ہے، تاکہ وہ اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے بلوچستان اور ملک کا نام مزید روشن کریں۔

بقیہ 47

ایک بااصول، نظریاتی اور مخلص سیاسی رہنما تھے، جنہوں نے مشکل ترین حالات میں بھی اپنی سیاسی وابستگی اور قومی نظریے پر سمجھوتہ نہیں کیا۔ انہوں نے اپنی فکری بصیرت، سیاسی جدوجہد اور اصولی موقف کے ذریعے بلوچ معاشرے میں سیاسی شعور کے فروغ اور قومی حقوق کی جدوجہد میں اہم کردار ادا کیا۔ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے کہا کہ ڈاکٹر حکیم لہڑی نے سیاست کو ذاتی مفاد کے بجائے عوامی خدمت، قومی حقوق اور جمہوری اقدار کا ذریعہ سمجھا اور اسی اصول پر آخری دم تک کاربند رہے۔ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے مرحوم کی قومی و سیاسی خدمات کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے مرحوم کے اہل خانہ، سیاسی رفقاء اور تمام سوگواران سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائے اور پسماندگان کو یہ صدمہ برداشت کرنے کی توفیق دے۔

بقیہ 48

وزارت خارجہ اور افرادی قوت کے تعاون سے اس اقدام کا مقصد مملکت میں رہائشیوں کے معیار زندگی کو بہتر بنانا ہے۔ نئے اقدامات کے تحت اہل غیر ملکی کارکن اپنی اہلیہ، 25 سال سے کم عمر بیٹوں اور غیر شادی شدہ بیٹیوں کو سعودی عرب لاسکتے ہیں۔ اہل خانہ کیلئے انٹری ویزے تمام ریکوائرمنٹ کو پورا کیے جانے کے بعد ورک ویزے کی تکمیل کے ساتھ جاری کیے جاسکتے ہیں۔ سعودی عرب آمد پر غیر ملکی کارکن کے اہل خانہ قابل اطلاق قوانین اور ضوابط کے مطابق ریذیڈینسی پرمٹ کے حصول کیلئے طریقہ کار مکمل کرسکیں گے۔

بقیہ 49

، تدبر اور قومی ذمہ داری کی مظاہرہ کرتے ہوئے ملک کو موجودہ بحرانوں سے نکالنے کیلئے مشترکہ حکمت عملی اختیار کرنا ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ مہنگائی، بے روزگاری، کاروباری سرگرمیوں میں کمی اور عوام کی قوت خرید میں مسلسل کمی نے عام آدمی کی زندگی کو اجیرن بنا دیا ہے۔ معاشی استحکام کے لیے مستقل اور مؤثر پالیسیاں تشکیل دینے کے ساتھ ساتھ صنعت، تجارت، زراعت اور روزگار کے شعبوں کو فوری سہولیات فراہم کرنا ناگزیر ہے۔ سید امان شاہ نے کہا کہ سیاسی عدم استحکام کا براہ راست اثر ملکی معیشت پر پڑتا ہے، سرمایہ کاری کا ماحول متاثر ہوتا ہے اور روزگار کے نئے مواقع پیدا نہیں ہوتے۔ حکومت کو چاہیے کہ وہ سیاسی جماعتوں، تاجر برادری، ماہرین معیشت اور سول سوسائٹی کو اعتماد میں لے کر ایک جامع معاشی پالیسی تشکیل دے۔ انہوں نے کہا کہ عوام پاکستان پارٹی سمجھتی ہے کہ ملک کے مسائل کا حل محاذ آرائی، الزام تراشی اور سیاسی انتقام میں نہیں بلکہ مضبوط جمہوری اداروں، شفاف نظام، میرٹ، قانون کی حکمرانی اور عوامی فلاح پر مبنی پالیسیوں میں ہے۔ حکمران طبقے کو اپنے اخراجات کم کر کے عوام کو ریلیف دینے کے لیے عملی اقدامات کرنا ہوں گے۔

بقیہ 50

مقدم کیا۔ ملاقات میں بدلتے ہوئے جغرافیائی و معاشی حالات، کراچی اور گوادر بندرگاہوں کی موجودہ ٹریفک صورتحال اور پاکستان کے بحری شعبے کو مزید مستحکم بنانے کیلئے مستقبل کی حکمت عملی پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران بندرگاہی آپریشنز کی بحالی و بہتری، رابطہ کاری کے فروغ، بندرگاہوں کی مسابقتی صلاحیت بڑھانے اور پاکستان کی بحری معیشت میں موجود وسیع امکانات سے استفادہ کرنے کیلئے عملی اور مستقبل پر مبنی اقدامات کا بھی جائزہ لیا گیا۔ ملاقات میں اس امر پر زور دیا گیا کہ کراچی اور گوادر بندرگاہوں کے درمیان بہتر رابطہ اور باہمی تعاون پاکستان کے بحری شعبے کی ترقی اور تجارت کے فروغ میں اہم کردار ادا کر سکتا ہے۔

بقیہ 51

قوانین کی خلاف ورزی پر 7 یونٹس کو جرمانے کیے گئے جبکہ 6 یونٹس کو بہتری کے نوٹسز جاری کر دیے گئے فوڈ سیفٹی ٹیم نے جنرل اسٹورز، بیکریوں، گوشت، سبزی و فروٹ اور دودھ کی دکانوں کا تفصیلی معائنہ کیا۔ اس دوران مختلف جنرل اسٹورز سے زائد المیعاد مصالحہ جات ممنوعہ چائنیز نمک اور گٹکا کی موجودگی کے علاوہ ناقص اسٹوریج پر بھی کارروائی عمل میں لائی گئی اسی طرح بعض بیکریوں اور دیگر فوڈ پوائنٹس پر صفائی کی ناقص صورتحال، ذاتی حفظان صحت کے اصولوں کی عدم پابندی، گندے برتن، کھانے پینے کی اشیاء پر مکھیوں کی موجودگی، اشیائے خوردونوش کو ڈھانپ کر نہ رکھنے اور BFA لائسنس کی عدم موجودگی سمیت متعدد خلاف ورزیاں سامنے آئیں، جن پر متعلقہ کاروباری افراد کے خلاف ضابطے کے مطابق کارروائی کی گئی فوڈ سیفٹی ٹیم نے کاروباری حضرات کو ہدایت کی کہ وہ بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی مقررہ SOPs پر سختی سے عملدرآمد یقینی بنائیں

بقیہ 52

اظہار نامور شاعر اہلسنت شہزادہ حاجی حسینی نے مدینہ منورہ اور خانہ کعبہ کی زیارت کے بعد وطن واپسی کے موقع پر مبارکباد دینے والے مہمانوں سے مخاطب ہو کر کیا۔ اس موقع پر جماعت اہلسنت کے رہنما حافظ روشن علی پنہور حسینی، حافظ واحد بخش بھٹو حسینی، معروف کالم نگار عبدالفتاح عباسی، سالار زوار غیور عباس نجفی، زوار عبدالمجید ابوحسینی اور دیگر بھی موجود تھے۔ انہوں نے کہا الحمدللہ ہم اپنے آقا حضرت محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم کے دروازے کے گداہیں، یہ آقا کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی عطاء و مہربانی ہے جو ہمیں بار بار نعمت خداوندی سے باب جنت کی سعادت نعمت نصیب ہورہی ہے، ہماری ہمیشہ یہ دعا ہے کہ اللہ تعالی ہمیں بار بار مکہ مدینہ کے در کی حاضری نصیب فرمائے۔

بقیہ 53

بلوچستان کے مختلف سرد علاقوں میں گرمی کی موسم گزارنے کے لیے جاتے ہیں جہاں ان کو ان کے مال مویشی کے لیے چارہ میسر ہوتا ہے جبکہ سردیوں کی موسم گزارنے کے لیے وہ ان گرم علاقوں کا رخ اختیار کرتے ہیں جہاں ان کو ان کے مال مویشیوں کے لیے چارہ میسر ہوتا ہو واضح رہے کہ یہ خانہ بدوش لوگ صدیوں سے اسی طرح سردی گرمی کے حساب سے ہجرت کر کے اپنی زندگی گزار رہے ہیں۔

بقیہ 54

کاوشوں اور تعلیمی میدان میں گرانقدر خدمات پر اعزازی سرٹیفکیٹ و ایوارڈ پیش کیا گیا۔ اس موقع پر موجود ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر چیئرمین قاری عبدالاحد، ہائی سکولز کے پرنسپلز اور دیگر اساتذہ اور شرکاء نے قاری محمد صدیق مدنی کو یہ اہم اعزاز حاصل کرنے پر مبارکباد پیش کی اور ان کی تعلیمی خدمات کو سراہتے ہوئے ان کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

بقیہ 55

بھرپور شرکت کی تربیتی پروگرام میں ہارون احمد، پروگرام آفیسر IHHN (انڈس ہسپتال)، محمد اسحاق، DPC، BRSP ملیریا پروگرام اور امیر عزیز، ماسٹر ٹرینر نے بطور ٹرینرز شرکت کی اور شرکاء کو ملیریا سمیت مختلف متعدی امراض کی روک تھام، بروقت تشخیص، ابتدائی طبی معاونت، مریضوں کی رہنمائی اور کمیونٹی کی سطح پر بیماریوں کے مؤثر کنٹرول کے حوالے سے تفصیلی تربیت فراہم کی اس موقع پر ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر فہیم خان نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ملیریا، ایچ آئی وی اور ٹی بی جیسے خطرناک متعدی امراض کی روک تھام کیلئے مؤثر احتیاطی تدابیر، بروقت تشخیص، علاج اور عوام میں شعور و آگاہی کے ذریعے بڑی حد تک کنٹرول کیا جا سکتا ہے۔

بقیہ 56

کو مزید مؤثر اور شفاف بنانے کیلئے ایک خصوصی ٹاسک فورس تشکیل دی ہے۔ اسی سلسلے میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو ظہور بلوچ کی زیر صدارت ٹاسک فورس کا پہلا اجلاس منعقد ہوا، جس میں تحصیلدار سیٹلمنٹ اکبر بلوچ، نائب تحصیلداران، پٹواریوں سمیت محکمہ ریونیو اور سیٹلمنٹ کے دیگر متعلقہ افسران و اہلکاروں نے شرکت کی۔ اجلاس میں ضلع گوادر میں زمینوں کے ریکارڈ کی درستگی، تکمیل اور ریکارڈ سازی کے عمل کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اور باقاعدہ طور پر کام کا آغاز کیا گیا۔ ٹاسک فورس کو ہدایت کی گئی کہ پہلے مرحلے میں منتخب مواضعات کا ریکارڈ مکمل اور درست کیا جائے، جس کے بعد مکمل شدہ ریکارڈ ضلعی انتظامیہ کے حوالے کیا جائے گا۔

بقیہ 57

کے دوران طلباء نے اپنے اساتذہ سے محبت، عقیدت اور احترام کے اظہار کیلئے مختلف پروگرامز پیش کیے۔ اس موقع پر اردو اور انگریزی تقاریر کا بھی اہتمام کیا گیا، جن میں طلبہ و طالبات نے بھرپور انداز میں حصہ لیتے ہوئے اپنے اساتذہ کی محنت، رہنمائی، کردار سازی اور تعلیمی خدمات کو خراج تحسین پیش کیا۔ طلباء کے پُراعتماد رویّے اور خوبصورت الفاظ نے تقریب کو مزید یادگار بنا دیا۔ ٹیچرز ڈے کی مناسبت سے طلباء نے اپنے اساتذہ کو تحائف بھی پیش کیے، جس پر اساتذہ نے طلباء کا تہہ دل سے شکریہ ادا کیا اور ان کے محبت بھرے جذبات کو سراہا۔ اس موقع پر ٹیچرز ڈے کے خصوصی کیک کی بھی رونمائی کی گئی، جس پر "Happy Teachers Day" درج تھا۔ کالج کے اساتذہ اور طلباء نے مل کر کیک کاٹا اور اس خوبصورت دن کی خوشیاں ایک دوسرے کے ساتھ بانٹیں۔ تقریب سے پروفیسر عبدالحمید، پروفیسر عجب خان، پروفیسر بلوچ خان صاحب اور پرنسپل گورنمنٹ ڈگری کالج زیارت پروفیسر نقیب اللہ کاکڑ نے اپنے خیالات کا اظہار کیا۔

بقیہ 58

رجسٹرارز اور دیگر ریونیو افسران و اہلکاروں نے شرکت کی۔ اس موقع پر متعلقہ ریونیو افسران نے ایڈیشنل کمشنر کو اپنی گزشتہ چھ ماہ کی کارکردگی اور پروگریس رپورٹس پیش کیں، جن کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ایڈیشنل کمشنر کوئٹہ ڈویژن آغا سمیع اللہ نے کہا کہ لینڈ ریونیو، آبیانہ اور زرعی انکم ٹیکس کی وصولی کے اہداف کے حصول کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں اور ٹیکس ریکوری کے عمل کو مزید تیز کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ زرعی انکم ٹیکس کے مقررہ اہداف کے حصول میں کسی قسم کی غفلت یا سستی برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے ہدایت کی کہ محکمہ زراعت سے سولرائزیشن اسکیم سے استفادہ کرنے والے تمام زمینداروں کی فہرستیں فوری طور پر حاصل کی جائیں اور ایسے زمینداروں کی نشاندہی کی جائے جو حکومتی اسکیموں سے فائدہ اٹھانے کے باوجود اپنے واجب الادا زرعی ٹیکس اور دیگر سرکاری واجبات جمع نہیں کرا رہے۔

بقیہ 59

تعفن بن گئیں جن کا منظر دیکھ کر آنے جانے والا حیران و پریشان ہے۔ اہل محلہ کے مطابق گٹر بند ہونے سے نہ صرف آمدورفت بری طرح متاثر ہو رہی ہے بلکہ تعفن اور بدبو سے سانس لینا محال ہو چکا ہے، مچھروں کی بہتات سے بیماریاں پھیلنے کا خدشہ ہے، نمازیوں، بچوں اور خواتین کو شدید پریشانی کا سامنا ہے۔ مکینوں نے بتایا کہ اپنی مدد آپ کے تحت کئی بار گٹر کھلوانے کی کوشش کی گئی لیکن مین لائن بند ہونے کی وجہ سے پانی کی نکاسی ممکن نہ ہو سکی۔ 25 دن گزرنے کے باوجود میونسپل کمیٹی یا کوئی متعلقہ محکمہ صفائی کے لیے موقع پر نہیں پہنچا

بقیہ 60

شرکت کی۔ سماعت کے دوران تین کیسز کا جائزہ لیا گیا اور فریقین کا مؤقف تفصیلاً سنا گیا۔ ڈپٹی کمشنر نے فریقین کو باہمی افہام و تفہیم اور قانونی تقاضوں کے مطابق معاملات حل کرنے کیلئے ایک ہفتے کی مہلت دیتے ہوئے متعلقہ افسران سے تعاون کی ہدایت کی۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ اصل الاٹیز کے حقوق کا تحفظ، غیر قانونی قبضوں اور تجاوزات کا خاتمہ اور اراضی سے متعلق معاملات کا قانونی وشفاف حل ضلعی انتظامیہ کی ترجیحات میں شامل ہے

بقیہ 61

۔ ہم وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی کے اس اقدام کو سراہتے ہیں جنہوں نے سکھر سے کوٹری تک موئنجو داڑو ریلوے سفری سہولیات فراہم کر کے عوام کے جذبات کی عکاسی کی ہے۔ تاہم سندھ، پنجاب، خیبر پختونخوا اور بلوچستان کے عوام کی یہ دیرینہ خواہش اور مطالبہ ہے کہ ملک کو معاشی طور پر مستحکم کرنے کے لیے خوشحال خان خٹک اور بولان میل مسافر ٹرین سروس فوری طور پر شروع کی جائے اور حبیب کوٹ سے دادو تک ریلوے ٹریک کو فوری طور پر مضبوط کرنے کے لیے ترقیاتی کام شروع کیا جائے تاکہ ریلوے کی رفتار میں بہتری آ سکے اور مسافر وقت پر اپنی منزل تک پہنچ سکیں۔

بقیہ 62

تقریب کے مہمان خصوصی ڈپٹی کمشنر کیچ یاسر اقبال دشتی تھے۔ تقریب میں رائز پروگرام کے لیڈ ڈائریکٹر سید قاہر خان آغا، سوشل نیٹ ورک کے چیئرمین یوسف بلوچ، جویریہ اختر، تربت یونیورسٹی کے ذمہ داران، عطاشاد ڈگری کالج کے طلبہ، گرلز ڈگری کالج کی طالبات اور مختلف مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے افراد نے شرکت کی۔ ڈپٹی کمشنر کیچ یاسر اقبال دشتی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ رائز پروگرام حکومت بلوچستان کے ان اہم اقدامات میں شامل ہے جس کا مقصد مالی مشکلات سے دوچار افراد اور نوجوانوں کو معاشی طور پر بااختیار بنانا اور انہیں باعزت روزگار کے مواقع فراہم کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں بے روزگاری ایک اہم چیلنج ہے، تاہم ایسے پروگراموں کے ذریعے مستحق افراد کو اپنے علاقوں میں چھوٹے کاروبار شروع کر کے مستقل آمدنی کے ذرائع پیدا کرنے کے مواقع فراہم کیے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ پروگرام کے حوالے سے عوامی آگاہی کے فروغ اور مستحق افراد تک اس کے ثمرات پہنچانے کیلئے اپنا کردار ادا کر رہی ہے۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ ضلع کیچ میں آج 250 مستحق افراد میں انکم جنریٹنگ گرانٹس تقسیم کی جا رہی ہیں

بقیہ 63

کی۔ جرگے کے دوران نورزئی قبائل کی جانب سے بڑیچ ہاؤس کچلاک میڑھ لانے پر نورزئی قبائل کو معاف کر دیا گیا اور ان پر رکھی گئی رقم بخش دی گئی۔ اس موقع پر حاجی میر عرض محمد بڑیچ اور دیگر معتبرین نے نورزئی اور بڑیچ قبائل سے خطاب کے دوران کہا کہ ایک دوسرے کو معاف کر دینا ایک اچھی روایت ہے ہمارا مذہب دین اسلام بھی ہمیں معاف اور درگزر کرنے کی تلقین کرتا ہے انہوں نے اس سلسلے میں نورزئی اور بڑیچ قبائل کے معتبرین فراخ دلی اور دوراندیشی کی ستائش کی۔ جرگے میں نورزئی اور بڑیچ قبائل کے مذکورہ نوجوانوں کو ایک دوسرے سے بغل گیر کر کے شیر و شکر کر دیا گیا۔ تمام آنے والے مہمانوں اور قبائلی معتبرین کے اعزاز میں سردار محمد گل بڑیچ کی طرف سے بڑیچ ہاؤس کچلاک میں پرتکلف عشائیے کا اہتمام بھی کیا گیا تھا۔ آخر میں اتحاد و یکجہتی اور امن کی خاطر اجتماعی دعا کرائی گئی۔

بقیہ 64

خصوصی ڈپٹی کمشنر کیچ یاسر اقبال دشتی تھے۔ ڈپٹی کمشنر کیچ یاسر اقبال دشتی نے کہا کہ رائز پروگرام حکومت بلوچستان کے ان اہم اقدامات میں شامل ہے جن کا مقصد مالی مشکلات سے دوچار افراد اور نوجوانوں کو معاشی طور پر بااختیار بنانا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں بے روزگاری ایک اہم مسئلہ ہے تاہم اس پروگرام کے ذریعے مستحق افراد کو گھر بیٹھے یا اپنے علاقوں میں چھوٹے کاروبار شروع کر کے باعزت روزگار اور آمدنی حاصل کرنے کے مواقع فراہم کیے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کیچ میں آج 250 مستحق افراد میں گرانٹس تقسیم کی جا رہی ہیں جب کہ ضلعی انتظامیہ کی ذمہ داری ہے کہ عوام میں پروگرام سے متعلق آگاہی پیدا کی جائے تاکہ زیادہ سے زیادہ مستحق افراد اس سے استفادہ کر سکیں۔ انہوں نے رائز پروگرام کی ٹیم کو میرٹ کی بنیاد پر سروے اور مستحقین کے انتخاب پر مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ اگر کسی شخص کو میرٹ کی خلاف ورزی سے متعلق کوئی شکایت یا تحفظات ہوں تو وہ متعلقہ حکام سے رجوع کر سکتا ہے۔

بقیہ 65

ہے، اس کے ساتھ ایسا طرز عمل لاکھوں پاکستانیوں کے جذبات کو مجروح کرنے کے مترادف ہے انہوں نے کہا کہ سیاسی اختلاف رائے، احتجاج اور اپنے مطالبات کے لیے آواز اٹھانا جمہوری حق ہے، لیکن احتجاج کے نام پر قومی شناخت سے منسلک دستاویز کی بے توقیری کسی صورت قابل قبول نہیں۔ منتخب عوامی نمائندوں پر یہ ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ پارلیمانی فورم کے وقار اور قومی علامات کے احترام کو ملحوظ خاطر رکھیں۔ کمانڈر میر امداد حسین مری بلوچ نے کہا کہ ایسے واقعات کو محض معذرت کر کے ختم نہیں کیا جانا چاہیے۔ اگر اس عمل میں کسی قانون یا پارلیمانی ضابطے کی خلاف ورزی ہوئی ہے تو ریاستی ادارے بلاامتیاز قانون کے مطابق کارروائی کریں اور معاملے کی مکمل قانونی حیثیت واضح کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان ہمارا وطن ہے اور اس کی قومی شناخت، پاسپورٹ، پرچم، آئین اور ریاستی اداروں کا احترام ہر شہری بالخصوص منتخب نمائندوں کی ذمہ داری ہے۔ سیاسی اختلافات کو آئینی، جمہوری اور پارلیمانی طریقہ کار کے ذریعے حل کیا جانا چاہیے۔ کمانڈر میر امداد حسین مری بلوچ نے مزید کہا کہ ریاست پاکستان کے وقار اور قومی تشخص پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہونا چاہیے، قانون سب کے لیے برابر ہے اور قومی معاملات میں ذمہ دارانہ طرز عمل ہر حال میں یقینی بنایا جانا چاہیے۔

مختصر اشتہارات

تلاش گمشدہ

میری میٹرک کی سند بنام سید احمد شاہ ولد سید جاوید اقبال شاہ رول نمبر 551379 پر میرے والد کا نام غلطی سے سید جاوید اقبال لکھا گیا ہے۔ جبکہ میرے والد کا صحیح نام سید جاوید اقبال شاہ ہے درستگی کیلئے مشتہر ہے
المشتہر:۔ سید احمد شاہ ولد سید جاوید اقبال شاہ

بقیہ 66

بالخصوص سولرائزیشن سے متعلق ٹیکس امور اور وضاحت طلب نکات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران سولرائزیشن پروگرام سے متعلق BSTS کے قابل اطلاق تقاضوں اور ٹیکس سے متعلق امور کا جائزہ لیا گیا جبکہ متعلقہ معاملات میں مزید وضاحت اور باہمی رابطہ کاری کی ضرورت پر بھی گفتگو ہوئی۔ اجلاس میں ٹیکس قوانین کے مؤثر نفاذ، متعلقہ اداروں کو رہنمائی فراہم کرنے اور ٹیکس سے متعلق امور کو واضح کرنے کیلئے ادارہ جاتی تعاون کو مزید مضبوط بنانے پر زور دیا گیا۔

بقیہ 67

شاندار فلیگ مارچ کا انعقاد کیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر کمپلیکس میں منعقدہ اس پرعزم تقریب کی صدارت ڈپٹی کمشنر ہرنائی ارشد حسین جمالی نے کی، جبکہ تقریب میں ضلعی انتظامیہ، پولیس کے اعلیٰ حکام، سرکاری افسران، معزز قبائلی عمائدین، اور سماجی و عوامی شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد کی بڑی تعداد نے شرکت کر کے اپنے قومی جذبے کا مظاہرہ کیا۔ کانفرنس کے دوران تمام مکاتب فکر کے نمائندوں نے پاک فوج کے بہادر جوانوں اور افسران کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ سرحدوں کی حفاظت کے ساتھ ساتھ ہر آفت زدہ حالات تک، پاک فوج نے ہر محاذ پر ملک و قوم کا سر فخر سے بلند کیا ہے۔ عوام اور افواج کا اتحاد: شرکاء نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ پوری قوم ہر مشکل اور چیلنج کی گھڑی میں اپنی مسلح افواج کے شانہ بشانہ کھڑی ہے

بقیہ 68

رجسٹرارز اور دیگر ریونیو افسران و اہلکاروں نے شرکت کی۔ اس موقع پر متعلقہ ریونیو افسران نے ایڈیشنل کمشنر کو اپنی گزشتہ چھ ماہ کی کارکردگی اور پروگریس رپورٹس پیش کیں، جن کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ایڈیشنل کمشنر کوئٹہ ڈویژن آغا سمیع اللہ نے کہا کہ لینڈ ریونیو، آبیانہ اور زرعی انکم ٹیکس کی وصولی کے اہداف کے حصول کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں اور ٹیکس ریکوری کے عمل کو مزید تیز کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ زرعی انکم ٹیکس کے مقررہ اہداف کے حصول میں کسی قسم کی غفلت یا سستی برداشت نہیں کی جائے گی

بقیہ 69

کردار ادا کرتا ہے اس موقع پر اس حقیقت کو اجاگر کیا گیا کہ استاد کا کردار صرف کتاب پڑھانے اور نصاب مکمل کرنے تک محدود نہیں، بلکہ وہ طلبہ کی شخصیت سازی، خوداعتمادی، نظم و ضبط، مثبت سوچ اور کردار کی تشکیل میں بھی اہم کردار ادا کرتا ہے ایک مخلص اور باصلاحیت استاد اپنے طالب علم کو نہ صرف علم کی روشنی فراہم کرتا ہے بلکہ اسے زندگی کے چیلنجز کا سامنا کرنے اور کامیابی کی منزل حاصل کرنے کا شعور بھی دیتا ہے گوادر کے اساتذہ بھی نوجوان نسل کی علمی و اخلاقی تربیت میں اہم خدمات انجام دے رہے ہیں ان کی محنت اور بے لوث کاوشیں گوادر کے روشن مستقبل کی بنیاد ہیں یہی اساتذہ کلاس رومز میں علم کی شمع روشن کر کے طلبہ کو شعور، کردار اور کامیابی کی راہ دکھا رہے ہیں عالمی یوم اساتذہ اس عظیم پیشے سے وابستہ تمام اساتذہ کی خدمات کو سراہنے اور انہیں خراج تحسین پیش کرنے کا بہترین موقع ہے

بقیہ 70

روزگار کو مزید متاثر کرنے کے مترادف ہے۔ میر ارشد عمیتی نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ کو قانون کے تحت کارروائی کا اختیار حاصل ہے، تاہم ہر کارروائی میں قانونی تقاضوں، شفاف طریقہ کار اور متاثرہ تاجروں کے مؤقف کو ملحوظ خاطر رکھا جانا چاہیے۔ اگر کسی دکان میں صفائی، معیار، لائسنس یا کسی قانونی تقاضے کی خلاف ورزی ہے تو متعلقہ قانون کے مطابق تاجر کو نوٹس، وضاحت اور جہاں ممکن ہو اصلاح کا موقع دیا جائے، تاکہ معاملہ کاروبار بند کرنے کے بجائے قانونی تقاضوں کی تکمیل سے حل ہو۔ انہوں نے کہا کہ حلوائی کی دکانیں سیل کیے جانے سے براہ راست کاروبار اور روزگار متاثر ہوا ہے، اس لیے انتظامیہ فوری طور پر اس کارروائی پر نظرثانی کرے اور تمام سیل شدہ حلوائی کی دکانیں، جہاں قانونی رکاوٹ موجود نہ ہو، فوری طور پر کھولنے کے اقدامات کرے۔ تاجروں کے ساتھ مشاورت کے ذریعے مسائل کا حل نکالا جائے اور انتظامی کارروائی کو قانون وضابطے کے مطابق شفاف رکھا جائے

بقیہ 71

اداروں کی رجسٹریشن، بلوچستان ریونیو اتھارٹی کی جانب سے فراہم کی جانے والی سہولیات، معاشی سرگرمیوں کے فروغ اور ضلع میں ٹیکس بیس کو وسعت دینے کے امکانات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ دونوں جانب سے ادارہ جاتی رابطہ کاری کو مزید مضبوط بنانے اور کاروباری افراد کو رجسٹریشن، ٹیکس قوانین کی تعمیل اور متعلقہ ٹیکس خدمات میں بہتر سہولیات فراہم کرنے پر بھی اتفاق کیا گیا

بقیہ 72

اور دیگر معززین کی بڑی تعداد میں شرکت متوقع ہے۔ بزنس فاؤنڈر گروپ کے نومنتخب صدر حاجی حنفیاء اور دیگر عہدیداران کا کہنا ہے کہ چمن چیمبر آف کامرس تاجر برادری کی بلاتفریق خدمت کرے گا اور تاجروں کو درپیش مسائل کے حل کے لیے بھرپور آواز اٹھائی جائے گی۔ نومنتخب عہدیداران نے کہا کہ چمن کے تاجروں کو درپیش مسائل، بالخصوص پاک افغان بارڈر، بارڈر ٹریڈ اور دیگر تجارتی مشکلات کے حل کے لیے متعلقہ حکام سے چیمبر کے پلیٹ فارم سے باقاعدہ رابطہ اور بات چیت کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ چمن کی تجارتی سرگرمیوں اور بارڈر ٹریڈ سے متعلق مسائل پر اعلیٰ حکام کے ساتھ تفصیلی اجلاس منعقد کیے جائیں گے تاکہ تاجر برادری کے مسائل کو مؤثر انداز میں متعلقہ فورمز تک پہنچایا جا سکے۔

بقیہ 73

گردی سے جوڑ دیا گیا ہے جس کے باعث پشتون اپنی شناخت کے ساتھ جانے میں بھی مشکلات محسوس کرتے ہیں انہوں نے کہا کہ اللہ تعالیٰ نے پشتون وطن کو قدرتی وسائل سے مالا مال کیا ہے، مگر پشتون علاقوں کے عوام کو اپنے وسائل پر کوئی اختیار حاصل نہیں اس صورتحال کی ایک بڑی وجہ پشتونوں کی بے اتفاقی اور سیاسی کمزوری ہے انہوں نے کہا کہ اقوام کے اپنے اپنے وطن کے دفاع اور حقوق کے لیے قربانیاں دی ہیں، تاہم اقوام زمینوں اور وسائل سے متعلق فیصلوں میں مقامی آبادی کے مفادات کو نظرانداز کیا جا رہا ہے انہوں نے کہا کہ پشتون بلوچ صوبے کو ملنے والے بجٹ اور وسائل کی تقسیم میں بھی پشتون علاقوں کو حق نہیں مل رہا جبکہ بجٹ اور روزگار کے مواقع میں بھی میرٹ کے بجائے ہم پر کوٹہ سسٹم تھوپ دیا گیا ہے انہوں نے اضلاع کی تشکیل اور آبادی کے تناسب پر بھی تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ بلوچ اضلاع ڈیڑھ لاکھ آبادی پر قائم ہیں جبکہ پشتون علاقوں میں کئی اضلاع کی آبادی ساڑھے چار لاکھ سے بھی زیادہ ہے انہوں نے کہا کہ وسائل کی منصفانہ تقسیم ہونی چاہیے۔ پشتونخوا میپ رہنماؤں نے کہا کہ اسامیوں کی نشستوں، ملازمتوں اور تبادلوں سمیت مختلف معاملات میں مبینہ طور پر پیسوں کا استعمال ہو رہا ہے۔

بلوچستان آبزرور
جمعرات 8 اکتوبر 2026ء

ایڈیشنل کمشنر کوئٹہ ڈویژن آغا سمیع اللہ لینڈ ریونیو اور زرعی انکم ٹیکس سے متعلق ریونیو اسٹاف کی کارکردگی کے جائزہ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل کو ینگ لیڈر پارلیمنٹرین کے ساتھ گروپ فوٹو

اپنے اپنے محکموں کے جاری منصوبوں اور سرگرمیوں کی باقاعدگی سے نگرانی کی جائے، سید رحمت اللہ شاہ

کسی بھی رکاوٹ یا مسئلے کی صورت میں ضلعی انتظامیہ کو بروقت آگاہ کیا جائے

جھل مگسی (خ ن) ڈپٹی کمشنر جھل مگسی سید رحمت اللہ شاہ سے ضلع کے مختلف سرکاری محکموں کے افسران اور ضلع میں عوامی فلاح و بہبود کیلئے کام کرنے والی مختلف تنظیموں کے فوکل پرسنز نے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران ضلع میں جاری ترقیاتی منصوبوں عوامی سہولیات کی فراہمی متعلقہ محکموں کی کارکردگی اور فلاحی سرگرمیوں سمیت مختلف امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جھل مگسی عبدالغفور جمالی ایلسیئن بی اینڈ آر بلڈنگ جھل مگسی ظفر اقبال ابڑو پرنسپل انٹر کالج جھل مگسی مظفر علی ایلسیئن روڈ ثابت علی، ڈاکٹر منصور احمد ترین ضلعی آفیسر ماحولیات (بقیہ 37 صفحہ 3 پر)

اسسٹنٹ کمشنر لورالائی کی زیرِ صدارت تحصیلدار اور پٹواریوں کا اہم اجلاس

ریونیو امور میں غیر ضروری تاخیر کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی، احمد زیب

لورالائی (خ ن) اسسٹنٹ کمشنر لورالائی احمد زیب کی زیرِ صدارت تحصیلدار اور پٹواریوں کا اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں محکمہ مال سے متعلق امور، ریونیو معاملات، عوامی مسائل کے فوری حل سرکاری ریکارڈ کی بروقت تکمیل و درستگی اور زیر التواء کیسز کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اجلاس میں اسسٹنٹ کمشنر احمد زیب نے تحصیلدار اور پٹواریوں کو ہدایت کی کہ عوام کو ریونیو سے متعلق (بقیہ 40 صفحہ 3 پر)

شہری علاقوں میں صفائی کے بہتر انتظامات قابلِ تحسین اقدام ہیں، نعیم کونسلر

لورالائی (خ ن) نعیم کونسلر نے علاقے میں صفائی ستھرائی کے مسائل بروقت حل کرنے اور مؤثر صفائی انتظامات پر میونسپل کمیٹی لورالائی کی کارکردگی کو سراہا ہے۔ انہوں نے چیئرمین میونسپل کمیٹی طاہر ناصر، چیف آفیسر محیب اللہ (بقیہ 39 صفحہ 3 پر)

نورالحق بلوچ سے ڈائریکٹر جنرل کسٹمز ٹرانزٹ ٹریڈ عرفان جاوید کی ملاقات

تجارتی عمل میں سہولت، شفافیت اور مؤثر رابطہ کاری سے کاروباری سرگرمیوں کو فروغ دیا جا سکتا ہے، چیئرمین گوادر پورٹ

کراچی/گوادر (خ ن) چیئرمین گوادر پورٹ نورالحق بلوچ نے ڈائریکٹر جنرل کسٹمز ٹرانزٹ ٹریڈ عرفان جاوید سے ملاقات کی، جس میں گوادر پورٹ سے گبد/ریمدان 250 بارڈر کراسنگ کے ذریعے ایران کیلئے ٹرانزٹ تجارت اور کارگو کی نقل و حرکت کو مزید سہل، مؤثر اور منظم بنانے کے اقدامات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا ملاقات میں گوادر پورٹ سے ایران کو کارگو کی (بقیہ 38 صفحہ 3 پر)

ڈاکٹر سلیم زرکون نے مختلف تعلیمی اداروں کا اچانک دورہ

رکھنی (خ ن) ڈویژنل ڈائریکٹر ایجوکیشن کوہِ سلیمان ڈویژن ڈاکٹر سلیم زرکون نے مختلف تعلیمی اداروں کا اچانک دورہ کرتے ہوئے تدریسی و انتظامی امور، اساتذہ اور دیگر عملے کی حاضری اور تعلیمی سرگرمیوں کا تفصیلی جائزہ لیا۔ انہوں نے گورنمنٹ گرلز ہائی (بقیہ 43 صفحہ 3 پر)

ٹریفک حادثے کے 12 متاثرین کو ٹیچنگ ہسپتال ڈیرہ مراد جمالی لایا گیا، ڈاکٹر حبیب اللہ پندرانی

کسی بھی ہنگامی صورتحال میں مریضوں کو فوری طبی امداد کی فراہمی یقینی بنائی جائے

نصیرآباد (خ ن) میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ٹیچنگ ہسپتال ڈیرہ مراد جمالی ڈاکٹر حبیب اللہ پندرانی نے بتایا ہے کہ گزشتہ روز پیش آنے والے روڈ ٹریفک حادثے (RTA) کے نتیجے میں مجموعی طور پر 12 متاثرین کو ٹیچنگ ہسپتال ڈیرہ مراد جمالی لایا گیا، جہاں ہسپتال کے ڈاکٹرز اور پیرامیڈیکل اسٹاف نے زخمیوں کو فوری اور ضروری طبی امداد فراہم کی میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر حبیب اللہ پندرانی کے مطابق حادثے کے متاثرین میں سے ایک شخص ہسپتال پہنچنے سے قبل (بقیہ 41 صفحہ 3 پر)

اسسٹنٹ کمشنر بارکھان کی زیرِ نگرانی 7 اکتوبر کے موقع پر شاندار اور پُرجوش ریلی

بارکھان (خ ن) ملک بھر کی طرح ضلع بارکھان میں بھی 7 اکتوبر کے موقع پر ڈپٹی کمشنر بارکھان سعید الرحمٰن کاکڑ کی ہدایت پر اور اسسٹنٹ کمشنر بارکھان حسام الدین کاکڑ کی زیرِ نگرانی ایک شاندار اور پُرجوش ریلی کا انعقاد کیا گیا۔ ریلی میں ضلعی انتظامیہ کے مختلف محکموں کے (بقیہ 44 صفحہ 3 پر)

سیکرٹری سماجی بہبود عصمت اللہ قریشی HBL Konnect اور محکمہ سماجی بہبود حکومت بلوچستان کے درمیان KUMAK پروگرام کے سلسلے میں مفاہمتی یادداشت پر دستخط کر رہے ہیں

ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کی زیرِ صدارت انسدادِ پولیو مہم کی کارکردگی کے حوالے سے پوسٹ کمپین ریویو اجلاس

ایم پی کیو اے، ایل کیو اے ایس، زیرو ڈوز بچوں کی کوریج، پولیو ٹیموں کو درپیش مسائل، شیمنگ سمیت دیگر اہم امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا

زیرو ڈوز بچوں تک رسائی، ٹیموں کی کارکردگی اور مانیٹرنگ کے نظام کو مزید مؤثر بنانے پر بھی زور دیا

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی کی زیرِ صدارت انسدادِ پولیو مہم کی کارکردگی کے حوالے سے پوسٹ کمپین ریویو اجلاس منعقد ہوا، جس میں ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر کوئٹہ، پولیو حکام اور متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں حالیہ پولیو مہم کی کارکردگی، ای ایس آئی سولیشن، ایم پی کیو اے، ایل کیو اے ایس، زیرو ڈوز بچوں کی کوریج، پولیو ٹیموں کو درپیش مسائل، شیمنگ سمیت دیگر اہم امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اور (بقیہ 34 صفحہ 3 پر)

ڈپٹی کمشنر نصیرآباد وریندر لعل کی زیرِ صدارت تحصیل مانجھوٹی میں کھلی کچہری

عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی اور ان کے جائز مسائل کے ازالے میں کسی قسم کی غفلت یا تاخیر برداشت نہیں کی جائے گی

نصیرآباد (خ ن) وزیرِاعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی ہدایات کی روشنی میں عوامی مسائل کو ان کی دہلیز پر سننے اور فوری طور پر حل کرنے کیلئے ڈپٹی کمشنر نصیرآباد وریندر لعل کی زیرِ صدارت تحصیل مانجھوٹی میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا۔ کھلی کچہری میں تمام متعلقہ ضلعی محکموں (بقیہ 42 صفحہ 3 پر)

گوادر ایجوکیشنل اینڈ انوائرمنٹل ویلفیئر سوسائٹی کے زیرِ اہتمام شکراللہ آرٹ گیلری میں منعقدہ "یادِ رحیمہ بانو" آرٹ مقابلے

نوجوانوں کو اپنی فنی صلاحیتوں کے اظہار کے بھرپور مواقع فراہم کیے جانے چاہئیں

گوادر (خ ن) ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر گوادر محمد حسن نے کہا ہے کہ آرٹ اور تخلیقی سرگرمیاں طلبہ و طالبات میں مشاہدے، تخیل، جمالیاتی ذوق اور تخلیقی سوچ کو فروغ دینے کے ساتھ ان کی شخصیت سازی میں بھی اہم کردار ادا کرتی ہیں، اس لیے نوجوانوں کو اپنی فنی صلاحیتوں کے اظہار کے بھرپور مواقع فراہم کیے جانے چاہئیں وہ گوادر ایجوکیشنل اینڈ انوائرمنٹل ویلفیئر سوسائٹی کے زیر (بقیہ 45 صفحہ 3 پر)

حکومت بلوچستان نوجوان کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی اور ان کے روشن مستقبل کیلئے ہر ممکن معاونت فراہم کررہی ہے، طفیل احمد

گوادر (خ ن) کمشنر مکران ڈاکٹر طفیل احمد بلوچ نے بلوچ وارڈ میں بی ایس ڈی آئی کے تحت مکمل ہونے والے فٹسال گراؤنڈ کے افتتاح کے موقع پر کھلاڑیوں سے ملاقات کی اور ان کے مسائل دریافت کیے۔ اس موقع پر کمشنر مکران نے بین الاقوامی سطح پر کھیلنے والی (بقیہ 46 صفحہ 3 پر)

پارٹی نے بدترین حالات میں بھی ہمیشہ عوام کی صحیح رہنمائی کی ہے، ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ

نیشنل پارٹی سیاسی کارکنوں کا مضبوط قلعہ اور بلوچستان کے عوام کیلئے مضبوط سیاسی پلیٹ فارم ہے

نیشنل پارٹی نے ہمیشہ اپنے عوام کے بنیادی مسائل کو مثبت سیاسی سوچ کے ساتھ اجاگر کرتے ہوئے قومی مفادات کو ترجیح دی

کوئٹہ (این این آئی) نیشنل پارٹی کے سربراہ سابق وزیرِاعلیٰ بلوچستان ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے کہا ہے کہ نیشنل پارٹی سیاسی کارکنوں کا مضبوط قلعہ اور بلوچستان کے عوام کیلئے مضبوط سیاسی پلیٹ فارم ہے پارٹی کو مضبوط بنانے میں پارٹی قیادت سے لیکر ایک ایک کارکن کا بھرپور کردار صلاحیتیں اور محنت شامل ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے نیشنل پارٹی کے مرکزی کمیٹی کے رکن ڈاکٹر رمضان ہزارہ کے ہمراہ نیشنل پارٹی (بقیہ 35 صفحہ 3 پر)

ملک کا عام شہری اور بچہ بچہ قرضوں کے بوجھ سے متاثر ہے، نواب ایاز جوگیزئی

اکابرین نے ملک کا قیام اس فکر کے ساتھ کیا تھا کہ ملک میں بسنے والی تمام اقوام برابری کی بنیاد پر زندگی گزاریں گی

ژوب (بیورو چیف رفیق قیصرانی) پشتونخوا میپ کے مرکزی سیکرٹری نواب ایاز خان جوگیزئی مرکزی سیکرٹری اطلاعات تالیمند خان ڈاکٹر قطب الدین شیرانی اور دیگر نے کہا ہے کہ اکابرین نے ملک کا قیام اس فکر کے ساتھ کیا تھا کہ ملک میں بسنے والی تمام اقوام برابری کی بنیاد پر زندگی گزاریں گی، تاہم آج پشتون قوم کو اپنے بنیادی، قومی اور معاشی حقوق سے محروم رکھا جارہا ہے انہوں نے کہا کہ پشتونوں کی روایتی پگڑی جو عزت اور وقار کی علامت سمجھی جاتی تھی، آج اسے دہشت (بقیہ 73 صفحہ 3 پر)

گوادر، ڈپٹی کمشنر گوادر نقیب اللہ کاکڑ چیئرمین گوادر ایمبولنس سروس نسیم موسیٰ کو بلوچستان رائز پروگرام کے تحت 20 لاکھ روپے کی گرانٹ کا چیک حوالے کررہے ہیں

جاری ترقیاتی کاموں کو مقررہ مدت میں مکمل کرنے کیلئے تمام ممکنہ اقدامات کیے جائیں، ساگر کمار

قلعہ سیف اللہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر ساگر کمار نے ایکسین ایریگیشن اعظم کاکڑ کے ہمراہ ضلع قلعہ سیف اللہ میں جاری مختلف آبپاشی اسکیموں کی پیش رفت کے حوالے سے تفصیلی بات چیت کی۔ ملاقات کے دوران سٹی ڈیم، خاصور ڈیم اور ساخیال ڈیم سمیت دیگر جاری آبپاشی منصوبوں کے تعمیراتی کام، موجودہ صورتحال اور پیش رفت کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔

تاجروں کے ساتھ مشاورت کے ذریعے مسائل کا حل نکالا جائے، میر ارشد کلمتی

اسسٹنٹ کمشنر گوادر کی جانب سے شہر میں حلوائی کی مختلف دکانیں سیل کیے جانے پر شدید مذمت کرتے ہیں

گوادر (رپورٹ محمد سلیم رند) میر کاروان کے سربراہ میر ارشد کلمتی نے اسسٹنٹ کمشنر گوادر رومیل جون کی جانب سے شہر میں حلوائی کی مختلف دکانیں سیل کیے جانے پر شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ گوادر کے لوگ پہلے ہی بے روزگاری، معاشی بدحالی اور کاروباری مشکلات کا شکار ہیں، ایسے میں دکانیں سیل کرنا تاجروں اور ان سے وابستہ خاندانوں کے (بقیہ 70 صفحہ 3 پر)

عبداللہ خان کا گوادر ڈویلپمنٹ اتھارٹی کے ڈائریکٹر جنرل معین الرحمٰن سے گوادر میں ملاقات

گوادر (خ ن) بلوچستان ریونیو اتھارٹی (BRA) کے چیئرمین عبداللہ خان نے گوادر ڈویلپمنٹ اتھارٹی (GDA) کے ڈائریکٹر جنرل معین الرحمٰن سے گوادر میں ملاقات کی۔ ملاقات میں گوادر میں قابلِ ٹیکس کاروباری (بقیہ 71 صفحہ 3 پر)

تاجروں کو درپیش مسائل کے حل کیلئے بھرپور آواز اٹھائی جائیگی، حاجی حنفیاء

چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹریز کے نومنتخب عہدیداران کی حلف برداری کل ٹریڈ سینٹر میں ہوگی

چمن (پ ر) چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹریز کے نومنتخب عہدیداران کی حلف برداری کل ٹریڈ سینٹر میں ہوگی چمن چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹریز کے سال 2026 تا 2028 کیلئے ایگزیکٹو باڈی کے انتخابات مکمل ہونے کے بعد بزنس فاؤنڈر گروپ کے نومنتخب عہدیداران کی حلف برداری کی تقریب کل ٹریڈ سینٹر چمن میں منعقد ہوگی۔ تقریب میں چمن سمیت بلوچستان کے مختلف علاقوں سے تعلق رکھنے والی تاجر برادری، سول سوسائٹی، انجمن تاجران، قبائلی و سیاسی مشران (بقیہ 72 صفحہ 3 پر)

ڈاکٹر حکیم لہڑی کی وفات بلوچ قومی سیاست اور جدوجہد کیلئے ایک بڑا نقصان ہے، ڈاکٹر مالک بلوچ

بحری معیشت میں موجود وسیع امکانات سے استفادہ کرنے کیلئے عملی اور مستقبل پر مبنی اقدامات کا بھی جائزہ

کوئٹہ (این این آئی) نیشنل پارٹی کے سربراہ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے بلوچ قومی سیاست کے عظیم و بزرگ سیاسی رہنما ڈاکٹر حکیم لہڑی کے انتقال پر گہرے رنج و غم کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ ڈاکٹر حکیم لہڑی نے اپنی پوری زندگی بلوچ قومی حقوق، سیاسی شعور اور قومی جدوجہد کیلئے وقف کردی تھی۔ ان کی وفات بلوچ قومی سیاست اور جدوجہد کیلئے ایک بڑا نقصان ہے، جس کا خلا طویل عرصے تک محسوس کیا جائے گا۔ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے کہا کہ ڈاکٹر حکیم لہڑی (بقیہ 47 صفحہ 3 پر)

سعودی عرب نے ہنرمند غیر ملکی کارکنوں کیلئے اہل خانہ کو بلانا آسان بنادیا

ریاض (این این آئی) سعودی عرب کی وزارت داخلہ نے کہا ہے کہ مملکت نے ایسے نئے اقدامات متعارف کرائے ہیں جس کے تحت ہنرمند غیر ملکی کارکن اپنے ورک ویزے کے طریقہ کار کی تکمیل کے دوران اہل خانہ کو مملکت میں لاسکتے ہیں۔ عرب ٹی وی کے مطابق (بقیہ 48 صفحہ 3 پر)

گوادر، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر محمد حسن ودیگر، گوادر ایجوکیشنل اینڈ انوائرمنٹل ویلفیئر سوسائٹی کے زیراہتمام آرٹ مقابلے کی تقریب سے خطاب کررہے ہیں

عالمی یومِ اساتذہ: گوادر کے اساتذہ کو سلام، علم و کردار سے نسلوں کی تعمیر میں گراں قدر خدمات کو خراجِ تحسین

مخلص اور باصلاحیت استاد اپنے طالب علم کو نہ صرف علم کی روشنی فراہم کرتا ہے

گوادر (رپورٹ محمد سلیم رند) گوادر عالمی یومِ اساتذہ کے موقع پر گوادر کے ان عظیم اساتذہ کو خراجِ تحسین پیش کیا گیا جو اپنی محنت، علم، اخلاص اور رہنمائی کے ذریعے نوجوان نسل کے خوابوں کو سمت دے رہے ہیں اور روشن مستقبل کی بنیاد مضبوط کر رہے ہیں۔ استاد محض ایک فرد نہیں بلکہ پوری نسل کا معمار ہوتا ہے، جو اپنے علم اور تربیت سے معاشرے کی تعمیر میں بنیادی (بقیہ 69 صفحہ 3 پر)

ہرنائی، افواجِ پاکستان سے محبت اور یکجہتی کے عملی اظہار کے طور پر ایک عظیم الشان فلیگ مارچ

ہرنائی (خ ن) ضلع ہرنائی میں افواجِ پاکستان کی ملکی سلامتی، بے لوث دفاع اور امن و امان کے قیام کیلئے پیش کی جانے والی گراں قدر خدمات اور عظیم قربانیوں کو خراجِ تحسین پیش کرنے کیلئے ایک پروقار یکجہتی کانفرنس اور (بقیہ 67 صفحہ 3 پر)

ڈاکٹر حکیم لہڑی کی سیاسی و سماجی خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا، نواب ذوالفقار علی مگسی

ڈاکٹر حکیم لہڑی کی وفات ایک ایسے سیاسی اور فکری عہد کا اختتام ہے، جس نے بلوچ معاشرے میں سیاسی شعور اور قومی حقوق کی جدوجہد کو تقویت دی

کوئٹہ (این این آئی) سینئر سیاست دان اور سابق گورنر بلوچستان نواب ذوالفقار مگسی نے بلوچ قومی سیاست کے عظیم رہنما ڈاکٹر حکیم لہڑی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ ڈاکٹر حکیم لہڑی کی وفات ایک ایسے سیاسی اور فکری عہد کا اختتام ہے جس نے بلوچ معاشرے میں سیاسی شعور اور قومی حقوق کی جدوجہد کو تقویت دی۔ اپنے تعزیتی بیان میں انہوں نے کہا کہ ڈاکٹر حکیم لہڑی نے اپنی زندگی اصولی سیاست، عوامی خدمت اور قومی حقوق (بقیہ 68 صفحہ 3 پر)

نورالحق بلوچ نے چیرمین کراچی پورٹ ٹرسٹ شاہد احمد کی ملاقات

گوادر (رپورٹ محمد سلیم رند) چیئرمین گوادر پورٹ نورالحق بلوچ نے چیرمین کراچی پورٹ ٹرسٹ ریئر ایڈمرل شاہد احمد، ایس آئی (ایم)، ایس بی ٹی (ریٹائرڈ)، سے کراچی پورٹ ٹرسٹ کے ہیڈ آفس میں ملاقات کی۔ چیرمین کے پی ٹی نے چیئرمین گوادر پورٹ کا خیر (بقیہ 50 صفحہ 3 پر)

ملک کی سیاسی و معاشی صورتحال انتہائی تشویشناک ہے، سید امان شاہ

حکومت اور اپوزیشن ذاتی مفادات کے بجائے قومی مفاد کو ترجیح دیں، عوام پاکستان پارٹی بلوچستان

کوئٹہ (پ ر) عوام پاکستان پارٹی بلوچستان کے صوبائی صدر سید امان شاہ نے ملک کی موجودہ سیاسی و معاشی صورتحال پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان اس وقت متعدد سیاسی، معاشی اور انتظامی چیلنجز سے دوچار ہے، ایسے حالات میں سیاسی محاذ آرائی اور باہمی کشیدگی کسی صورت ملک کے مفاد میں نہیں۔ حکومت اور اپوزیشن سمیت تمام سیاسی قوتوں کو سنجیدگی (بقیہ 49 صفحہ 3 پر)

نورزئی اور بڑیچ قبائل کے درمیان جاری چپقلش اور جھگڑے کا خاتمہ

جرگے کے دوران نورزئی قبائل کی جانب سے بڑیچ ہاؤس کچلاک میڑھ لانے پر نورزئی قبائل کو معاف کردیا گیا

کچلاک، کوئٹہ (پ ر) چند روز قبل نورزئی اور بڑیچ قبائل سے تعلق رکھنے والے نوجوانوں کا معمولی تکرار کے نتیجے میں جاری جھگڑے اور چپقلش کا خوش اسلوبی سے تصفیہ کردیا گیا اس سلسلے میں حاجی رحم اللہ نورزئی کی قیادت میں ایک قبائلی میڑھ سردار حاجی محمد گل بڑیچ کی رہائش گاہ واقع بڑیچ ہاؤس کچلاک پہنچی۔ جہاں پر قبائلی میڑھ کو خوش آمدید کہا گیا اس سلسلے میں حاجی میر عرض محمد بڑیچ کی قیادت میں ایک قبائلی جرگہ منعقد ہوا جس میں دونوں قبائل کے معتبرین نے شرکت (بقیہ 63 صفحہ 3 پر)

بی آر اے اور ایس ڈی آئی کے پروگرام کوآرڈینیٹر کے درمیان اہم اجلاس

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان ریونیو اتھارٹی (BRA) کے ممبر آڈٹ اور اسپیشل ڈویلپمنٹ انیشی ایٹوز (SDI) کے پروگرام کوآرڈینیٹر کے درمیان ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں بلوچستان سیلز ٹیکس آن سروسز (BSTS) کے حوالے سے ایس ڈی آئی پروگرام، (بقیہ 66 صفحہ 3 پر)

پاکستانی پاسپورٹ ریاستِ پاکستان کی شناخت اور قومی وقار کی علامت ہے، کمانڈر میر امداد حسین مری

رکن بلوچستان اسمبلی زابد ریکی کی جانب سے پاکستانی پاسپورٹ زمین پر پھینکنے کے عمل کی شدید مذمت

باباکوٹ (رپورٹ محمد یونس عمرانی) ڈیرہ مراد جمالی کمانڈر میر امداد حسین مری بلوچ، امن کمیٹی رکن بلوچستان و سیاسی قبائلی رہنما، نے رکن بلوچستان اسمبلی زابد ریکی کی جانب سے بلوچستان اسمبلی کے فلور پر پاکستانی پاسپورٹ زمین پر پھینکنے کے عمل کی شدید ترین الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستانی پاسپورٹ ریاستِ پاکستان کی شناخت اور قومی وقار کی علامت (بقیہ 65 صفحہ 3 پر)

فوڈ سیفٹی ٹیم کا مختلف فوڈ بزنسز کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 18 فوڈ یونٹس کا معائنہ

لورالائی (خ ن) بلوچستان فوڈ اتھارٹی (BFA) کی فوڈ سیفٹی ٹیم نے ڈپٹی ڈائریکٹر کی سربراہی میں کٹھوائی موڑ، کوئٹہ روڈ پر مختلف فوڈ بزنسز کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 18 فوڈ یونٹس کا معائنہ کیا۔ کارروائی کے دوران (بقیہ 51 صفحہ 3 پر)

خانہ بدوش موسم سرما کی آمد کے ساتھ ہی ملک کے گرم علاقوں کی جانب ہجرت کررہے ہیں

کچلاک جرگے کے دوران نورزئی قبائل کی جانب سے بڑیچ ہاؤس کچلاک میڑھ کے شرکاء

طلباء و طالبات کو اسکالرشپ طریقہ کار اور اہلیت سے بروقت آگاہی فراہم کی جائے، مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ

ضلع بھر کے طلباء و طالبات کو بی ای ایف اسکالرشپ پروگرام کے طریقہ کار، مختلف کیٹیگریز، اہلیت اور دیگر متعلقہ امور سے مکمل آگاہی فراہم کی جائے

طلباء و طالبات کو اسکالرشپ کے حصول کے طریقہ کار اور اہلیت کے حوالے سے بروقت آگاہی فراہم کی جائے، رکن صوبائی اسمبلی

کوئٹہ (این این آئی) امیر جماعت اسلامی بلوچستان، قائد حق دو تحریک و رکن صوبائی اسمبلی گوادر مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے گوادر کے معروف تعلیمی شخصیت ناصر سہرابی کے ہمراہ ضلعی ایجوکیشن آفیسر گوادر زاہد بلوچ سے ملاقات کی۔ ملاقات میں بلوچستان ایجوکیشن انڈومنٹ فنڈ (BEEF) کے تحت ضلع گوادر کے طلباء و طالبات کو زیادہ سے زیادہ اسکالرشپس سے مستفید کرنے کے حوالے (بقیہ 36 صفحہ 3 پر)

شہزادو چاچڑ حسینی کو مدینہ منورہ اور خانہ کعبہ کی زیارت کے بعد وطن واپسی کے موقع پر مبارکباد

لاڑکانہ (بیورو رپورٹ) اللہ رب العالمین کے فضل و کرم اور خصوصی عطاء سے خانہ کعبہ اور مدینہ منورہ کی مقدس، روح کو سکون بخشنے والی ساعتیں نصیب ہوئی ہیں۔ ان خیالات کا (بقیہ 52 صفحہ 3 پر)

بلوچستان کے سرد علاقوں میں گرمی کا موسم گزارنے والے خانہ بدوشوں کی آمد

یہ خانہ بدوش لوگ صدیوں سے اسی طرح سردی گرمی کے حساب سے ہجرت کرکے اپنی زندگی گزار رہے ہیں

ڈیرہ اللہ یار (بیورو چیف) بلوچستان کے سرد علاقوں میں گرمی کا موسم گزارنے والے خانہ بدوش موسم سرما کی آمد کے ساتھ ہی ملک کے گرم علاقوں کی جانب واپسی کا سلسلہ شروع کردیا ہے وہ خاندان اپنے مال مویشی، خیموں اور گھریلو سامان کے ساتھ ٹرکوں، ٹریکٹر ٹرالیوں، دیگر گاڑیوں کے ذریعے نصیرآباد ڈویژن اور سندھ کے مختلف گرم علاقوں سمیت ملک کے دیگر حصوں کی طرف واپسی کا سلسلہ شروع کردیا ہے معلوم ہوا ہے کہ ہر سال وہ گرمی کی موسم میں گرم علاقوں سے نکل کر (بقیہ 53 صفحہ 3 پر)

ٹیکس ریکوری کے عمل کو مزید تیز کیا جائے، آغا سمیع اللہ

زرعی انکم ٹیکس کے مقررہ اہداف کے حصول میں کسی قسم کی غفلت یا سستی برداشت نہیں کی جائے گی

کوئٹہ (خ ن) ایڈیشنل کمشنر کوئٹہ ڈویژن آغا سمیع اللہ کی زیرِ صدارت لینڈ ریونیو کلیکشن اور زرعی انکم ٹیکس کی وصولی کیلئے اٹھائے گئے اقدامات کا جائزہ لینے کے حوالے سے اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں کوئٹہ ڈویژن کے تحصیلداران، نائب تحصیلداران، سب (بقیہ 58 صفحہ 3 پر)

آبنائے ہرمز سے تیل کی ترسیل ایران جنگ سے قبل کی سطح پر بحال ہوگئی، ٹرمپ

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ آبنائے ہرمز کے ذریعے تیل کی ترسیل ایران جنگ سے قبل کی سطح پر بحال ہوگئی ہے اور حالیہ دنوں میں اس اہم آبی گزرگاہ سے لاکھوں بیرل تیل منتقل کیا گیا ہے۔

رائز پروگرام کے تحت گوادر ایمبولنس سروس کیلئے گرانٹ کی فراہمی کے حوالے سے تقریب

ضلعی انتظامیہ گوادر ایمبولنس سروس کو عوامی خدمت کے اس اہم شعبے میں ہر ممکن تعاون فراہم کرے گی

گوادر (خ ن) ڈپٹی کمشنر گوادر نقیب اللہ کاکڑ کی زیرِ صدارت حکومتِ بلوچستان کے رائز پروگرام کے تحت گوادر ایمبولنس سروس کیلئے گرانٹ کی فراہمی کے حوالے سے تقریب منعقد ہوئی۔ تقریب میں بلوچستان رائز پروگرام، ضلعی انتظامیہ اور گوادر ایمبولنس سروس کے نمائندگان سمیت مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد نے شرکت کی۔ بلوچستان رائز پروگرام حکومتِ بلوچستان کا ایک اہم پروگرام ہے

چمن، حافظ محمد صدیق مدنی کو بہترین تعلیمی خدمات پر 'بیسٹ ٹیچر ایوارڈ' سے نواز دیا گیا

ہیڈ ٹیچر حافظ محمد صدیق مدنی کو "بیسٹ ٹیچر ایوارڈ" (Award Teacher Best) سے نوازا گیا

چمن (نامہ نگار) پراونشل انسٹیٹیوٹ فار ٹیچر ایجوکیشن (PITE) بلوچستان کی جانب سے تعلیمی شعبے میں نمایاں اور شاندار خدمات کے اعتراف میں ایک تقریب کا انعقاد کیا گیا جس میں گورنمنٹ بوائز پرائمری سکول مدرسہ بحرالعلوم چمن کے مدرس اور ہیڈ ٹیچر حافظ محمد صدیق مدنی کو "بیسٹ ٹیچر ایوارڈ" (AwardTeacherBest) سے نوازا گیا۔ تقریب کے دوران PITE بلوچستان کے نمائندے صادق صبا نے حافظ محمد صدیق مدنی کو ان کی بہترین تدریسی (بقیہ 54 صفحہ 3 پر)

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو ظہور بلوچ کی زیرِ صدارت ٹاسک فورس کا پہلا اجلاس

گوادر (خ ن) کمشنر مکران ڈاکٹر طفیل احمد بلوچ کی ہدایات پر ڈپٹی کمشنر گوادر نقیب اللہ کاکڑ نے ضلع گوادر میں زمینوں کے ریکارڈ کی درستگی، تکمیل اور ریکارڈ سازی کے عمل (بقیہ 56 صفحہ 3 پر)

خوشحال خان خٹک اور بولان میل مسافر ٹرین سروس فوری طور پر شروع کی جائے، عبدالغفار نقشبندی

لاڑکانہ کے عوام کو خوشحال خان خٹک اور بولان میل ریلوے کی سفری سہولیات فراہم کی جائیں

لاڑکانہ (بیورو رپورٹ) سندھ کے مشہور و معروف روحانی درگاہ حضرت پیر مٹھا سائیں رحمۃ اللہ علیہ کے سجادہ نشین پیر عبدالغفار جان نقشبندی نے کہا ہے کہ لاڑکانہ کے عوام کو خوشحال خان خٹک اور بولان میل ریلوے کی سفری سہولیات فراہم کی جائیں، جس سے چاروں صوبوں کے عوام ایک دوسرے کے قریب آئیں گے اور ملک کی معاشی صورتحال میں بہتری آئے گی (بقیہ 61 صفحہ 3 پر)

تربت، رائز پروگرام کے تحت کیچ کے 250 مستحق نوجوانوں میں انکم جنریٹنگ گرانٹس تقسیم کرنے کے موقع پر مقررین خطاب کررہے ہیں

ملیریا پروگرام کے تحت چار روزہ تربیتی پروگرام

معلومات اور شعور ہی بیماریوں کی روک تھام کا مؤثر ذریعہ ہیں، ڈاکٹر فہیم خان

لورالائی (خ ن) ملیریا پروگرام کے تحت چار روزہ ICCM (Community Integrated Case Management) تربیتی پروگرام ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر لورالائی ڈاکٹر فہیم خان کی زیرِ صدارت منعقد ہوا، جس میں ملیریا پروگرام سے وابستہ ماہرین، ٹرینرز، کمیونٹی ہیلتھ ورکرز (CHWs) اور کمیونٹی ریسپانس پرسنز (CRPs) نے (بقیہ 55 صفحہ 3 پر)

بلوچستان میں بے روزگاری ایک اہم چیلنج ہے، یاسر اقبال دشتی

ضلعی انتظامیہ پروگرام کے حوالے سے عوامی آگاہی کے فروغ اور مستحق افراد تک اس کے ثمرات پہنچانے کیلئے اپنا کردار ادا کررہی ہے

تربت (خ ن) بی آر ایس پی کیچ کے زیر اہتمام حکومت بلوچستان کے رائز (RISE) پروگرام کے تحت ضلع کیچ کے 250 مستحق نوجوانوں اور افراد میں انکم جنریٹنگ گرانٹس (IGG) کی تقسیم کے حوالے سے تقریب عطا شاد ڈگری کالج تربت میں منعقد ہوئی۔ (بقیہ 62 صفحہ 3 پر)

گوادر نیو ٹاؤن میں غیر قانونی قبضوں، ناجائز تجاوزات اور اصل الاٹیز سے متعلق تیسرے مرحلے کی سماعت

گوادر (خ ن) ڈپٹی کمشنر نقیب اللہ کاکڑ کی زیرِ صدارت نیو ٹاؤن میں غیر قانونی قبضوں، ناجائز تجاوزات اور اصل الاٹیز سے متعلق تیسرے مرحلے کی سماعت ہوئی۔ سماعت میں پروجیکٹ ڈائریکٹر نیو ٹاؤن ڈاکٹر عبدالشکور، نائب تحصیلداران اور متعلقہ افسران نے (بقیہ 60 صفحہ 3 پر)

تربت، رائز پروگرام کے تحت کیچ کے 250 مستحق نوجوانوں میں انکم جنریٹنگ گرانٹس تقسیم

بلوچستان حکومت کا یہ اقدام معاشرے میں معاشی استحکام کے فروغ کی جانب اہم پیش رفت ہے

تربت (یلان زامرانی) بی آر ایس پی کیچ کے زیر اہتمام حکومت بلوچستان کے رائز (RISE) پروگرام کے تحت ضلع کیچ میں مستحق نوجوانوں اور افراد میں انکم جنریٹنگ گرانٹس (IGG) کی تقسیم کی تقریب عطا شاد ڈگری کالج تربت میں منعقد ہوئی جس کے مہمان (بقیہ 64 صفحہ 3 پر)

امتحانات شفاف منظم اور میرٹ کے تقاضوں کے مطابق منعقد کیے جائیں، ماریہ شمعون

اُستا محمد (خ ن) ڈپٹی کمشنر اُستا محمد محمد رمضان پلال کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر اُستا محمد ماریہ شمعون نے گورنمنٹ گرلز ہائی اسکول اُستا محمد میں قائم اے ایل پی (ALP) امتحانی مرکز کا تفصیلی دورہ کیا جہاں کمپیوٹر اور سلائی کڑھائی کے ہنر سے متعلق امتحانات کا سلسلہ جاری تھا۔

زیارت، ٹیچرز ڈے کے حوالے سے ایک پُروقار اور شاندار تقریب

طلباء کی پُراعتماد تقاریر اور خوبصورت الفاظ نے تقریب کو مزید یادگار بنا دیا

زیارت (خ ن) گورنمنٹ بوائز ڈگری کالج زیارت میں اساتذہ کی علمی، اخلاقی اور تربیتی خدمات کو خراجِ تحسین پیش کرنے کیلئے ٹیچرز ڈے کے حوالے سے ایک پُروقار اور شاندار تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب کے مہمانِ خصوصی پروفیسر بلوچ خان تھے، جبکہ کالج کے پرنسپل پروفیسر نقیب اللہ کاکڑ صاحب سمیت کالج کے معزز اساتذہ اور طلباء نے بھرپور شرکت کی۔ تقریب (بقیہ 57 صفحہ 3 پر)

جھل مگسی، ڈپٹی کمشنر جھل مگسی سید رحمت اللہ شاہ ضلعی افسران و دیگر افسران کے منعقدہ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

ٹھینگی میں انتظامیہ کی غفلت، گلی تالاب بن گئی، بطخیں تیرنے لگیں

25 روز سے سیوریج بند، اہل محلہ اذیت میں مبتلا

میلسی (جنرل رپورٹر۔ ڈاکٹر ذوالفقار گاذر) میلسی روڈ ٹھینگی کی قبرستان والی گلی میں گزشتہ 25 روز سے سیوریج لائن بند پڑی ہے جس کے باعث پوری گلی گندے اور بدبودار جوہڑ میں تبدیل ہوگئی ہے۔ صورتحال اس قدر ابتر ہو چکی ہے کہ گلی میں کھڑے سیوریج کے پانی میں بطخیں تیرتی نظر آرہی ہیں۔ گلی بنی تالاب، (بقیہ 59 صفحہ 3 پر)

ڈائریکٹر جنرل تعلقات عامہ بلوچستان عسکر خان آؤٹ ڈور پبلسٹی سے متعلق اجلاس کی صدارت کررہے ہیں